# روزنامہ الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

047-6213029
FR-10
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

صرف احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

خلافت نمبر

25 مئی 2016ء

25 ہجرت 1395 ہش


## خلافت خامسہ میں تعمیر ہونے والی چند تازہ بیوت الذکر۔ خدا کے گھروں کی عالمی تعمیر کا منصوبہ




بیت الاکرام۔ لیسٹر۔ یوکے (2016ء)



بیت الاحد۔ ناگویا۔ جاپان (2015ء)



بیت الذکر۔ نکورو۔ کینیا (2015ء)



بیت الواحد۔ ہناؤ۔ جرمنی (2015ء)



بیت العافیت۔ رنگ پور۔ بنگلہ دیش (2015ء)



بیت مسرور۔ دارالسلام۔ قادیان (2015ء)


پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ........... مطبع: ضیاء الاسلام پریس ........... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ........... قیمت 20 روپے

علم و عمل نصیب ہو عرفاں ہو نصیب ذوق دعا و حسن عبادت نصیب ہو

# خلافت خامسہ میں تعمیر ہونے والی چند بیوت الذکر




بیت نصرت۔ امریکہ (2015ء)



بیت الذکر۔ لوکاسو۔ بینن (2015ء)



بیت الذکر۔ سکاسو۔ مالی (2014ء)




بیت الحمد۔ امریکہ (2014ء)



بیت سبحان۔ بنگلہ دیش (2014ء)



بیت ناصر۔ یوکے (2014ء)



بیت نور۔ یوکے (2014ء)



بیت الذکر۔ بینن (2014ء)

منظور ہو تمہاری اطاعت خدا کرے
اخلاص کا درخت بڑھے آسمان تک

مقبول ہو تمہاری عبادت خدا کرے
بڑھتی رہے تمہاری ارادت خدا کرے

# دو قدرتیں دکھلانا قدیم سے سنت اللہ ہے

## حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت کو عظیم بشارات

’’(اللہ تعالیٰ) دو قسم کی قدرت ظاہر کرتا ہے۔اوّل خود نبیوں کے ہاتھ سے اپنی قدرت کا ہاتھ دکھاتا ہے، دوسرے ایسے وقت جب نبی کی وفات کے بعد مشکلات کا سامنا پیدا ہو جاتا ہے اور دشمن زور میں آ جاتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اب کام بگڑ گیا اور یقین کر لیتے ہیں کہ اب یہ جماعت نابود ہو جائے گی اور خود جماعت کے لوگ بھی تردد میں پڑ جاتے ہیں اور ان کی کمریں ٹوٹ جاتی ہیں اور کئی بدقسمت مرتد ہونے کی راہیں اختیار کر لیتے ہیں تب خدا تعالیٰ دوسری مرتبہ اپنی زبردست قدرت ظاہر کرتا ہے اور گرتی ہوئی جماعت کو سنبھال لیتا ہے۔ پس وہ جو اخیر تک صبر کرتا ہے خدا تعالیٰ کے اس معجزہ کو دیکھتا ہے۔......‘‘۔

فرمایا:’’سو اے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا وے سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے۔اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے۔اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہوگا۔اور وہ دوسری قدرت نہیں آ سکتی جب تک میں نہ جاؤں۔لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ تمہارے ساتھ رہے گی جیسا کہ خدا کا براہین احمدیہ میں وعدہ ہے۔‘‘اور وہ وعدہ میری ذات کی نسبت نہیں ہے بلکہ تمہاری نسبت وعدہ ہے جیسا کہ خدا فرماتا ہے کہ میں اس جماعت کو جو تیرے پیرو ہیں قیامت تک دوسروں پر غلبہ دوں گا۔سو ضرور ہے کہ تم پر میری جدائی کا دن آوے تا بعد اس کے وہ دن آوے جو دائمی وعدہ کا دن ہے۔

وہ ہمارا خدا وعدوں کا سچا اور وفادار اور صادق خدا ہے وہ سب کچھ تمہیں دکھائے گا جس کا اس نے وعدہ فرمایا۔اگرچہ یہ دن دنیا کے آخری دن ہیں اور بہت بلائیں ہیں جن کے نزول کا وقت ہے پر ضرور ہے کہ یہ دنیا قائم رہے جب تک وہ تمام باتیں پوری نہ ہو جائیں جن کی خدا نے خبر دی۔

میں خدا کی طرف سے ایک قدرت کے رنگ میں ظاہر ہوا اور میں خدا کی ایک مجسم قدرت ہوں۔اور میرے بعد بعض اور وجود ہوں گے جو دوسری قدرت کا مظہر ہوں گے۔سو تم خدا کی قدرت ثانی کے انتظار میں اکٹھے ہو کر دعا کرتے رہو۔اور چاہئے کہ ہر ایک صالحین کی جماعت ہر ایک ملک میں اکٹھے ہو کر دعا میں لگے رہیں تا دوسری قدرت آسمان سے نازل ہو اور تمہیں دکھاوے کہ تمہارا خدا ایسا قادر ہے۔اپنی موت کو قریب سمجھو۔تم نہیں جانتے کہ کس وقت وہ گھڑی آ جائے گی۔

اور چاہئے کہ جماعت کے بزرگ جو نفس پاک رکھتے ہیں میرے نام پر میرے بعد لوگوں سے بیعت لیں۔خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ان تمام روحوں کو جو زمین کی متفرق آبادیوں میں آباد ہیں کیا یورپ اور کیا ایشیا۔ان سب کو جو نیک فطرت رکھتے ہیں توحید کی طرف کھینچے اور اپنے بندوں کو دین واحد پر جمع کرے۔یہی خدا تعالیٰ کا مقصد ہے جس کے لئے میں دنیا میں بھیجا گیا۔سو تم اس مقصد کی پیروی کرو۔مگر نرمی اور اخلاق اور دعاؤں پر زور دینے سے اور جب تک کوئی خدا سے روح القدس پا کر کھڑا نہ ہو سب میرے بعد مل کر کام کرو‘‘۔

# خلافت کا ہے ہم پہ ٹھنڈا سایہ

## احمدی شعراء کے منظوم کلام سے انتخاب

منہاج نبوت پہ خلافت ہوئی قائم
یارب یہ دعا ہے کہ یہ نعمت رہے قائم

(حضرت قاضی محمد ظہور الدین اکمل)

خلافت شہپر پرواز آدم کی توانائی
ید بیضا خلافت ہے، خلافت ہے مسیحائی
خلافت سے شعور قوم کو تابندگی حاصل
اسی کے فیض سے تنظیم کو ہے زندگی حاصل

(میر اللہ بخش تسنیم)

جو خلافت کے دامن کو تھامے رہے
رحمتوں کی قبائیں بھی پا جائیں گے
اس کی رسّی کو مضبوط پکڑیں گے جو
نصرتوں کی ردائیں بھی پا جائیں گے

(صاحبزادی امۃ القدوس بیگم)

یہ ظلی نبوت بنام خلافت
کہ ہے احمدیت قیام خلافت
ہے سب خاتم الانبیاء کی کرامت
یہ حکم شریعت، نظام خلافت

(قیس مینائی نجیب آبادی)

خلافت سے ہماری زندگی ہے
خلافت سے ہی شان احمدی ہے
نبوت قدرت اولیٰ کی مظہر
خلافت دوسری جلوہ گری ہے

(عطاء المجیب راشد)

اندھیرے چھٹ گئے سارے کے سارے
چراغاں ہو گیا دل میں ہمارے
سکینت بخش دی ہر دل کو عرشی
نصیب اپنے خلافت نے سنوارے

(ارشاد عرشی)

خلافت کا ہے ہم پہ ٹھنڈا سایہ
بلا سے دھوپ جتنی بھی کڑی ہے
زمانہ لے رہا ہے ایک کروٹ
نئی تاریخ لکھی جا رہی ہے

(مبارک احمد ظفر)

رہی اس کی چھاؤں میں برکت بہت
ملی دین کو سطوت و تمکنت
جو خاکی تھے وہ آسمانی ہوئے
عطا مومنوں کو ہوئی منزلت

(جمیل الرحمٰن)

برکت ہے خلافت کی کہ اک ہاتھ پہ یارو
لاکھوں ہیں، کروڑوں ہیں جو اک جان ہوئے ہیں
طوفان کی مرضی تھی اجڑ جائیں یہ لیکن
بوٹے جو لگائے تھے گلستاں ہوئے ہیں

(مبارک احمد صدیقی)

جہاد اپنا تو تبلیغ حق کے کام سے ہے
تمام حسن عبادت کے اہتمام سے ہے
بقائے احمدی توحید کے قیام سے ہے
حیات اپنی خلافت کے اس نظام سے ہے

(فاروق محمود)

خلافت وحدت اعضائے ملت
خلافت جامع قلب پریشاں
خلافت نخبۂ اخیار ملت
خلافت مہر استخلاف یزداں

(مولانا عزیز الرحمٰن منگلا)

حسین دور ہے یہ دور ہے خلافت کا
چراغ لے کے چلے ہم تری اطاعت کا
تمہارے چاہنے والوں کی خیر ہو جگ میں
جہان پھیلتا جائے یہ احمدیت کا

(ناصر سید)

# خلافت احمدیہ اس زمانے کے امام کو ماننے اور اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق قائم ہوئی ہے

## خلافت، اس کی برکات اور اطاعت کے بارہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

یہ آیات (سورۃ الغاشیہ آیات 18 تا 21) جو میں نے تلاوت کی ہیں جمعہ پر اکثر ہم دوسری رکعت میں پڑھتے ہیں۔ سورۃ غاشیہ کی یہ آیات پڑھی جاتی ہیں۔ ان میں پہلی آیت جو میں نے پڑھی ہے یعنی اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ (-) کیا وہ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے پیدا کئے گئے؟ اس کی جو تفسیر حضرت مسیح موعود نے فرمائی ہے وہ اپنی گہرائی اور خوبصورتی اور علم وعرفان اور پھر عملی حالت پر منطبق کرنے کا ایک عجیب اور جدا نقشہ کھینچتی ہے۔ آپ نے اس آیت سے نبوت اور امامت کی اطاعت کے مسئلہ کو حل فرمایا ہے اور نبوت اور امامت کے ساتھ جڑنے والوں کے لئے جو بنیادی چیز ہے یعنی اطاعت اور کامل اطاعت اس کو آپ نے اِبِل یعنی اونٹ کے لفظ سے یا اونٹوں کے لفظ سے جوڑ کر وضاحت فرمائی ہے۔ بظاہر یہ عجیب سی بات لگتی ہے کہ اونٹوں اور نبوت اور امامت کی اطاعت کا کیا جوڑ ہے لیکن جس طرح کھول کر آپ نے تشریح فرمائی ہے اس سے اس جوڑ کا حیرت انگیز ادراک ہمیں بھی حاصل ہوتا ہے۔ آپ کی تفسیر پہلے پیش کرتا ہوں۔ فرماتے ہیں کہ ”قرآن شریف میں جو یہ آیت آئی ہے اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ (-) (الغاشیہ:18)۔ یہ آیت نبوت اور امامت کے مسئلہ کو حل کرنے کے واسطے بڑی معاون ہے۔ اونٹ کے عربی زبان میں ہزار کے قریب نام ہیں اور پھر ان ناموں میں سے اِبِل کے لفظ کو جو لیا گیا ہے اس میں کیا سرّ ہے؟ کیوں اِلَی الْجَمَل بھی تو ہو سکتا تھا“ جَمَل بھی تو اونٹ کو کہتے ہیں۔ فرمایا کہ ”اصل بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ جَمَل ایک اونٹ کو کہتے ہیں اور اِبِل اسم جمع ہے۔ یہاں اللہ تعالیٰ کو چونکہ تمدنی اور اجمالی حالت کا دکھانا مقصود تھا اور جَمَل میں جو ایک اونٹ پر بولا جاتا ہے یہ فائدہ حاصل نہ ہوتا تھا اسی لئے اِبِل کے لفظ کو پسند فرمایا۔ اونٹوں میں ایک دوسرے کی پیروی اور اطاعت کی قوت ہے۔ دیکھو اونٹوں کی ایک لمبی قطار ہوتی ہے اور وہ کس طرح پر اس اونٹ کے پیچھے ایک خاص انداز اور رفتار سے چلتے ہیں اور وہ اونٹ جو سب سے پہلے بطور امام اور پیش رَو کے ہوتا ہے وہ ہوتا ہے جو بڑا تجربہ کار اور راستہ سے واقف ہو۔ پھر سب اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے برابر رفتار سے چلتے ہیں اور ان میں سے کسی کے دل میں برابر چلنے کی ہَوَس پیدا نہیں ہوتی جو دوسرے جانوروں میں ہے۔ جیسے گھوڑے وغیرہ میں۔ گویا اونٹ کی سرشت میں اِتباع امام کا مسئلہ ایک مانا ہوا مسئلہ ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اَفَلَا یَنْظُرُوْنَ اِلَی الْاِبِلِ کہہ کر اس مجموعی حالت کی طرف اشارہ کیا ہے جبکہ اونٹ ایک قطار میں جا رہے ہوں۔ اسی طرح پر ضروری ہے کہ تمدنی اور اتحادی حالت کو قائم رکھنے کے واسطے ایک امام ہو“۔ یہ پہلی بات ہمیں یاد رکھنی چاہئے۔ اس سے مطابقت کے لئے تمدنی اور اتحادی حالت قائم رکھنے کے لئے ایک امام ہو۔ ”پھر یہ بھی یاد رہے کہ یہ قطار سفر کے وقت ہوتی ہے۔ پس دنیا کے سفر کو قطع کرنے کے واسطے جب تک ایک امام نہ ہو انسان بھٹک بھٹک کر ہلاک ہو جاوے۔“ دنیا کا بھی جو زندگی کا سفر ہے اس میں ایک امام ہونا ضروری ہے جو صحیح رہنمائی کرتا رہے۔ ”پھر اونٹ زیادہ بارکش اور زیادہ چلنے والا ہے۔ اس سے صبر و برداشت کا سبق ملتا ہے۔ پھر اونٹ کا خاصہ ہے کہ وہ لمبے سفروں میں کئی کئی دنوں کا پانی جمع رکھتا ہے۔ غافل نہیں ہوتا۔ پس مومن کو بھی ہر وقت اپنے سفر کے لئے تیار اور محتاط رہنا چاہئے اور بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے“۔ فرمایا کہ ”اُنْظُر کے لفظ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دیکھنا بچوں کی طرح نہیں ہے بلکہ اس سے اتباع کا سبق ملتا ہے کہ جس طرح پر اونٹ میں تمدنی اور اتحادی حالت کو دکھایا گیا ہے اور ان میں اتباع امام کی قوت ہے۔ اسی طرح پر انسان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اتباع امام کو اپنا شعار بناوے۔ کیونکہ اونٹ جو اس کے خادم ہیں ان میں بھی یہ مادہ موجود ہے۔ کَیْفَ خُلِقَتْ میں ان فوائد جامع کی طرف اشارہ ہے جو اِبِل کی مجموعی حالت سے پہنچتے ہیں“۔......

**کون سا دنیاوی لیڈر ہے جو بیماروں کے لئے دعائیں بھی کرتا ہو۔ کون سا لیڈر ہے جو اپنی قوم کی بچیوں کے رشتوں کے لئے بے چین اور ان کے لئے دعا کرتا ہو۔** کون سا لیڈر ہے جس کو بچوں کی تعلیم کی فکر ہو۔ حکومت بیشک تعلیمی ادارے بھی کھولتی ہے۔ صحت کے ادارے بھی کھولتی ہے۔ تعلیم تو مہیا کرتی ہے لیکن بچوں کی تعلیم جو اس دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں ان کی فکر صرف آج خلیفۂ وقت کو ہے۔ **جماعت احمدیہ کے افراد ہی وہ خوش قسمت ہیں جن کی فکر خلیفۂ وقت کو رہتی ہے کہ وہ تعلیم حاصل کریں۔ ان کی صحت کی فکر خلیفۂ وقت کو رہتی ہے۔** رشتے کے مسائل ہیں۔ غرض کہ کوئی مسئلہ بھی دنیا میں پھیلے ہوئے احمدیوں کا چاہے وہ ذاتی ہو یا جماعتی ایسا نہیں جس پر خلیفۂ وقت کی نظر نہ ہو اور اس کے حل کے لئے وہ عملی کوشش کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکتا نہ ہو۔ اس سے دعائیں نہ مانگتا ہو۔ مَیں بھی اور میرے سے پہلے خلفاء بھی یہی کچھ کرتے رہے۔

فرمایا: میں نے ایک خاکہ کھینچا ہے بے شمار کاموں کا جو خلیفہ وقت کے سپرد خدا تعالیٰ نے کئے ہیں اور انہیں اس نے کرنا ہے۔ **دنیا کا کوئی ملک نہیں جہاں رات سونے سے پہلے چشم تصور میں میں نہ پہنچتا ہوں اور ان کے لئے سوتے وقت بھی اور جاگتے وقت بھی دعا نہ ہو۔** یہ میں باتیں اس لئے نہیں بتا رہا کہ کوئی احسان ہے۔ یہ میرا فرض ہے۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ اس سے بڑھ کر میں فرض ادا کرنے والا بنوں۔

کہنے کا مقصد صرف یہ ہے کہ خلافت اور دنیاوی لیڈروں کا موازنہ ہو ہی نہیں سکتا۔ یہ ویسے ہی غلط ہے۔ بعض دفعہ دنیاوی لیڈروں سے باتوں میں جب مَیں صرف ان کو روزانہ کی ڈاک کا ہی ذکر کرتا ہوں کہ اتنے خطوط میں دیکھتا ہوں لوگوں کے ذاتی بھی اور دفتری بھی تو حیران ہوتے ہیں کہ یہ کس طرح ہو سکتا ہے۔ پس کسی موازنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

......امامت اور خلافت اور ڈکٹیٹر شپ میں بڑا فرق ہے۔ خلافت زمانے کے امام کو ماننے کے بعد قائم ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق قائم ہوئی ہے اور ہر ماننے والا یہ عہد کرتا ہے کہ ہم خلافت کے نظام کو جاری رکھیں گے۔ دین میں کوئی جبر نہیں ہے۔ جب اپنی خوشی سے دین کو مان لیا تو پھر دین کے قیام کے لئے اس عہد کو نبھانا بھی ضروری ہے جو خلافت کے قیام کے لئے ایک احمدی کرتا ہے اور جو قومی یکجہتی کے لئے وحدت کے لئے ضروری ہے۔ خلافت کی اطاعت کے عہد کو اس لئے نبھانا ہے کہ ایک امام کی سرکردگی میں خدا تعالیٰ کی حکومت کو دنیا کے دلوں میں بٹھانے کی مشترکہ کوشش کرنی ہے۔ دوسرے...... جو ہیں وہ بغیر امام کے ہیں اور جماعت احمدیہ کی کوششیں جو ہیں وہ خلافت سے وابستہ ہو کر ہو رہی ہیں۔

(روزنامہ الفضل یکم اگست 2014ء)

فرمایا: ہمیں تو اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو مان کر اور پھر آپ کے بعد آپ کے جاری نظام خلافت کے ذریعہ وہ تمکنت عطا فرمائی ہے کہ ہم ایک آواز پر اٹھنے اور بیٹھنے والے ہیں۔ تمکنت صرف حکومت کا ملنا ہی نہیں ہے بلکہ ایک رعب کا ظاہر ہونا بھی ہے اور سکونِ دل کا پیدا ہونا بھی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ وقت بھی آئے گا جب حکومتیں بھی حضرت مسیح موعود کی غلامی میں آ کر صحیح (دین) کو سمجھیں گی۔ لیکن اِس وقت بھی دنیا اب ہماری طرف دیکھنے لگ گئی ہے کہ (دین) کی صحیح تعلیم بتاؤ۔

(روزنامہ الفضل 5 جنوری 2016ء)

فرمایا: دعاؤں کے ذریعہ سے میری مدد کریں اور میں ہر وقت آپ کے لئے دعا گو رہوں کیونکہ جماعت اور خلافت لازم و ملزوم ہیں۔ اللہ تعالیٰ مجھے اپنی ذمہ داریاں اُس طرح ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے جس طرح وہ چاہتا ہے۔ جب سب مل کر خلافت احمدیہ اور خلیفہ وقت کے لئے دعا کر رہے ہوں گے تو یہ اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں کو کھینچنے والی ہو گی کیونکہ امام اور جماعت کی دعائیں ایک سمت میں چل رہی ہوں گی۔ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو اللہ تعالیٰ سے مانگ رہی ہوں گی۔ تو جب ایک سمت میں چل رہی ہوں گی تو دعائیں کرنے والوں کی سمتیں بھی ایک طرف چلتی رہیں گی۔ ان کو بھی یہ خیال رہے گا کہ جب ہم دعا کر رہے ہیں تو ہمارے عمل بھی ایسے ہونے چاہئیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ہوں۔ اس سمت میں جا رہے ہوں جہاں خلیفۂ وقت اور اللہ اور رسول کے حکموں کے مطابق ہمیں جانا چاہئے یا خلیفۂ وقت اللہ اور رسول کے حکموں کے مطابق ہمیں لے جانا چاہتا ہے اگر اس احساس کے ساتھ دعا کر رہے ہوں گے تو اپنی اصلاح کی بھی ساتھ ساتھ توفیق ملتی رہے گی اور امام کے لئے نگرانی کا کام بھی آسان ہو رہا ہو گا۔

پس اس نکتہ کو ہر احمدی کو سمجھنا چاہئے کہ جہاں امام کی ذمہ داری ہے کہ انصاف قائم کرے اور اللہ اور رسول کے حکموں کے مطابق جماعت کی تربیت کی طرف توجہ دے۔ ان کی تکلیفوں کو دور کرنے کی کوشش کرے۔ ان کے لئے دعائیں کرے وہاں افراد جماعت کو بھی اس احساس کو اپنے اندر قائم کرنا ہو گا کہ اگر ہمیں خلافت سے محبت ہے تو ہم بھی اپنی حالتوں کو دیکھیں اور ان کی طرف دیکھتے ہوئے اپنی زندگی کو اس نہج پر چلانے کی کوشش کریں جس پر خدا اور رسول کے حکموں کے مطابق ہماری زندگی چلنی چاہئے یا جس طرف ہمیں خلیفۂ وقت چلانا چاہتا ہے۔

(روزنامہ الفضل 25 مئی 2013ء)

فرمایا: خلافت کے ساتھ تعلق مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ اس زمانے میں ایم ٹی اے اور جماعت کی ویب سائٹ بھی اللہ تعالیٰ نے ہمیں مہیا فرمائی ہیں ان سے منسلک رہنا بھی ضروری ہے بجائے اس کے کہ اوٹ پٹانگ چیزیں دیکھیں کہ اس ذریعہ سے حقیقی قرآنی تعلیم اور حضرت مسیح موعود کے علم وعرفان کا ہمیں پتا چلتا ہے۔ ان ذریعوں سے یہ حقیقی (دینی) تعلیم ہمیں ملتی ہے۔

(الفضل 7۔اپریل 2015ء)

فرمایا: خلافت کی اطاعت اور خلافت سے محبت اور خلافت کے انعام کی حقیقت کو جاننے کی وجہ سے تمام احمدیوں میں یہ روح پیدا ہوئی ہے۔ اس سے بڑھ کر دین کے معاملے میں اکائی اور تجدید کا نمونہ اور کیا ہو گا کہ دنیا میں پھیلے ہوئے احمدی ایک اشارے پر اٹھتے اور بیٹھتے ہیں۔

(روزنامہ الفضل 25 مئی 2015ء)

صالح بنو اور دعاؤں میں لگے رہو تا کہ خلافت کا انعام تم میں
ہمیشہ جاری رہے۔ (ارشاد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ۔ الفضل 5 جولائی 2005ء)

# خلافت خامسہ کے 13 بابرکت سال


اس کی محفل میں ملے گی زندگی در زندگی
اس میں شرکت قافلہ در قافلہ کرتے رہو

## احمدیت میں شامل ہونے والے 34 نئے ممالک

اللہ تعالیٰ کے فضل سے **207** ممالک میں جماعت احمدیہ کا پودا لگ چکا ہے جن میں کیوبا، ٹرینیڈاڈ، ساؤتھ امریکہ کے ساتھ ایک ملک، سینٹ کٹس، مارٹینیق، جبرالٹر، بہاماز، سینٹ ونسنٹ، اسٹونیا، انٹی گوا، برمودا، بولیویا، گواڈے لوپ، سینٹ مارٹن، فرنچ گیانا، ہیٹی، تاجکستان، پغاؤ جزیرہ، لیٹویا، آئس لینڈ، سربیا، لیتھوینیا، ترکمانستان، ڈامینیکا، فیروآئی لینڈ، چلی، بارباڈوس، پانامہ، امریکن ساموا، کوسٹاریکا، مونٹی نیگرو، یوروگوئے، بیلیز اور پورٹو ریکو خلافتِ خامسہ کے بابرکت دور میں شامل ہوئے۔ کل **7474** نئی جماعتوں اور **9413** نئے مقامات کا اضافہ ہوا ہے۔ **1883** نئی بیوت الذکر بنانے کی توفیق دی ہے جبکہ **2664** بنی بنائی بیوت الذکر بھی عطا ہوئیں۔ **2014**ء تک **105** ممالک میں مشن ہاؤسز کی کل تعداد **2808** ہو چکی ہے۔

## صد سالہ خلافت جوبلی پروگرام

2005ء میں صد سالہ خلافت جوبلی سکیم اور روحانی پروگرام پیش فرمایا۔ 2008ء میں ساری دنیا میں صد سالہ خلافت جوبلی منائی گئی اور حضور انور نے 27 مئی 2008ء کو لندن Excel سنٹر سے لائیو تاریخی خطاب کیا اور ساری دنیا کے احمدیوں سے عہد لیا۔ جس میں پہلی بار ربوہ، قادیان اور لندن سے بیک وقت براہِ راست مناظر دکھائے گئے۔




## دورہ جات

آپ نے اب تک **29** ممالک کے متعدد دورے فرمائے۔ **براعظم افریقہ میں:** گھانا، برکینا فاسو، بینن، نائجیریا، کینیا، تنزانیہ، یوگنڈا، ماریشس۔ **امریکہ میں:** امریکہ، کینیڈا۔ **یورپ میں:** برطانیہ، جرمنی، فرانس، بیلجیئم، ہالینڈ، سوئٹزر لینڈ، سپین، ڈنمارک، سویڈن، ناروے، ہالینڈ، اٹلی، آئرلینڈ۔ **ایشیا میں:** بھارت، سنگاپور، جاپان۔ **آسٹریلیا میں:** آسٹریلیا، فجی، نیوزی لینڈ شامل ہیں۔

## چند اہم واقعات

28 اپریل 2006ء کو زمین کے کنارے فجی سے خطبہ جمعہ نشر ہوا۔ 2 مئی 2006ء Date Line فجی پر لوائے احمدیت لہرایا گیا۔ حدیقۃ المہدی لندن کے لئے زمین خریدی گئی جس کا رقبہ 208 ایکڑ پر محیط ہے۔ صفات الٰہیہ، شرائط بیعت، روایات رفقاء حضرت مسیح موعود، شہداء لاہور کے حالات، عملی اصلاح اور خطبات حضرت مصلح موعود کی روشنی میں سلسلہ خطبات۔ 9 سربراہان ممالک اور 2 مذہبی راہنماؤں کو امن عالم کے قیام کے لئے خطوط۔ برطانوی، امریکی اور یورپین اراکین پارلیمنٹ سے خطابات۔ ہر سال نیشنل پیس سمپوزیم سے خطاب اور 2009ء میں احمدیہ پرائز فار دی ایڈوانسمنٹ آف پیس کا اجراء۔ نور فاؤنڈیشن، طاہر فاؤنڈیشن، نظارت رشتہ ناطہ، مخزن تصاویر اور مختلف زبانوں کے ڈیسکس کا قیام۔ کتب حضرت مسیح موعود کی کمپیوٹرائز طباعت، تراجم اور آن لائن سرچ انجن کا اجراء۔ مرکزی عربی ویب سائیٹ کا اجراء اور مرکزی جماعتی ویب سائیٹ میں کئی اہم اضافے۔ گلڈ ہال، لندن میں ”21 ویں صدی میں خدا تعالیٰ کا تصور“ کے موضوع پر مذاہب عالم کانفرنس کا انعقاد۔

صد سالہ تقریبات: جامعہ احمدیہ (2005ء)، روزنامہ الفضل (2013ء)، جماعت احمدیہ برطانیہ (2013ء)، بنگلہ دیش (2013ء) اور ماریشس (2015ء)۔ 75 سالہ ڈائمنڈ جوبلی تقریبات: مجلس خدام الاحمدیہ (2013ء) اور مجلس انصار اللہ (2015ء)۔

## سال 2015ء میں ہونیوالی ترقیات

74 زبانوں میں تراجم قرآن کریم مکمل ہو کر شائع ہوئے۔ **2460** نمائشوں سے 17 لاکھ 9 ہزار سے زائد افراد تک، 13 ہزار 735 بکسٹالز اور بک فیئرز سے 17 لاکھ 98 ہزار افراد تک اور 1 کروڑ 36 لاکھ سے زائد لیف لیٹس اور فلائیرز سے 3 کروڑ 88 لاکھ 39 ہزار سے زائد افراد تک پیغام پہنچا۔ جماعت سے متعلق 3 ہزار 730 اخبارات میں 6 ہزار 8 مضامین آرٹیکلز اور خبریں شائع ہوئیں اسی طرح مختلف ممالک کے ٹی وی چینلز سے 1882 ٹی وی پروگراموں کے ذریعہ سے 954 گھنٹے وقت ملا۔ 106 ممالک میں 28 زبانوں میں 140 جماعتی اخبارات و جرائد مقامی طور پر شائع کئے جاتے ہیں۔ 105 ممالک میں واقفین نو کی کل تعداد 56 ہزار 818 ہے۔

## نظام وصیت میں انقلابی اضافہ

2004ء میں حضور انور نے نظامِ وصیت میں کثرت سے شمولیت کی تحریک کی۔ چنانچہ مارچ 2016ء تک موصیان کی تعداد 1 لاکھ 22 ہزار سے زائد ہو چکی ہے۔

**نئے جامعات:** جامعہ احمدیہ کینیڈا (2003ء)، برطانیہ (2005ء)، غانا (2012ء) اور جرمنی (2012ء)

**مدرسۃ الحفظ:** غانا (2005ء)، کینیڈا (2011ء)

## قادیان میں ورود مسعود

2005ء میں 15 سال بعد خلیفہ وقت قادیان دارالامان میں جلوہ افروز ہوئے اور 16 دسمبر کو بیت اقصیٰ سے پہلی بار براہِ راست خطبہ جمعہ نشر ہوا، جو زمین کے کناروں تک دیکھا اور سنا گیا۔

ایم ٹی اے: 23 جون 2003ء سے MTA کی نشریات Asia Sat 3 پر شروع ہوئیں اور دنیا کے آخری جزیرہ تاوینی فجی میں بھی واضح سگنل موصول ہونے لگے۔ 23 اپریل 2004ء سے MTA کے دوسرے چینل MTA الثانیہ کا اجراء ہوا۔ 23 مارچ 2006ء کو MTA کے نئے آٹومیٹڈ براڈ کاسٹ سسٹم کا افتتاح ہوا۔ 10 جولائی 2006ء کو انٹرنیٹ پر ایم ٹی اے کی نشریات شروع ہوگئیں۔ 23 مارچ 2007ء کو ایم ٹی اے 3 العربیہ کا اجراء ہوا۔ اسی طرح MTA کے مواصلاتی ذرائع سے جلسہ سالانہ بھارت اور بنگلہ دیش سے حضور انور کے خطاب کے ساتھ ساتھ جلسہ کے مناظر بھی براہ راست نشر ہوتے ہیں۔ 2014ء ایم ٹی اے پر عربی میں Live خطاب فرمایا۔

**VOI ریڈیو سٹیشن:** 7 فروری 2016ء کو برطانیہ کے پہلے DAB ڈیجیٹل ریڈیو سٹیشن کا اجراء ہوا۔ لندن اور اس کے گردونواح کے علاوہ ویب سائٹ کے ذریعہ پوری دنیا میں سنا جا سکتا ہے۔

## بڑی بیوت کا افتتاح

بیت الفتوح لندن (2003ء)، بیت خدیجہ برلن جرمنی (2008ء)، بیت النصر اوسلو ناروے (2011ء)، بیت الرحمٰن وینکوور کینیڈا (2013ء)، بیت المسرور برسبین آسٹریلیا (2013ء)

## چند ممالک کی پہلی بیوت کا افتتاح

بیت المبارک فرانس (2008ء)، بیت المقیت نیوزی لینڈ (2013ء)، بیت مریم آئرلینڈ (2014ء)، بیت الاحد جاپان (2015ء)

## خدمتِ خلق کا نظام

کئی ممالک میں IAAAE، ہیومینٹی فرسٹ، Charity Walks، قیدیوں کی خبرگیری، طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ، طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ و ہسپتال اور خدمتِ انسانیت کی تحریکات کے ذریعہ خدمت خلق کے بہت سے پراجیکٹس جاری ہوئے۔

## اہم تحریکات اور سابقہ تحریکات میں اضافے اور وسعت

قیام نماز، دعاؤں، روزانہ دو نوافل، ہفتہ وار چالیس نفلی روزے، تعمیر بیوت الذکر، وقف عارضی، دعوت الی اللہ، رابطہ نومبائعین، اعلیٰ تعلیم کا حصول، انٹرنیٹ کا مفید استعمال، سیکیورٹی کا خیال رکھنا، عملی اصلاح کے علاوہ صفائی، شجرکاری، بدرسوم اور لغویات ترک کرنے کے لئے متعدد تحریکات پیش فرمائیں اور جاری تحریکات مثلاً تحریک جدید، وقف جدید اور وقف نو میں اضافے کئے اور وسعت دی۔

مرتبہ: مکرم ذیشان محمود صاحب

محبت ہو سب سے، نہ نفرت کسی سے　　سبق یہ جہاں کو سکھاتا چلا جا
سیاست نے بوئی ہے نفرت کی کھیتی　　محبت کے پھل تو کھلاتا چلا جا



جماعت احمدیہ برطانیہ کا 13واں نیشنل پیس سمپوزیم منعقدہ 19 مارچ 2016ء بمقام بیت الفتوح لندن۔ حضور انور کا خطاب


## احمدیہ پیس پرائز حاصل کرنے والے خوش نصیب 2009ء تا 2016ء



Lord Eric Avebury
UK (2009)




*Ahmadiyya Prize For The Advancement Of Peace*



عبدالستار ایدھی۔ پاکستان (2010ء)



Dame Mary Richardson DBE (2011)
President SOS Children's Villages UK



Dr. Oheneba Boachie Adjei
Ghana (2012)



Magnus MacFarlane-Barrow
Founder & CEO of Mary's Meals
Scotland (2013)



Sindhutai Sapkal
India (2014)



Hadeel Qasim Hussein Al-Okbi
Iraq (2015)

مکرم سلطان نصیر احمد صاحب

# خلافت کے مقاصد اور تاریخ خلافت احمدیہ

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجالائے ان سے اللہ نے پختہ وعدہ کیا ہے کہ انہیں ضرور زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اس نے ان سے پہلے لوگوں کو خلیفہ بنایا اور ان کے لئے ان کے دین کو، جو اس نے ان کے لئے پسند کیا، ضرور تمکنت عطا کرے گا اور ان کے خوف کی حالت کے بعد ضرور انہیں امن کی حالت میں بدل دے گا۔ وہ میری عبادت کریں گے، میرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔ جو اس کے بعد بھی ناشکری کرے تو یہی وہ لوگ ہیں جو نافرمان ہیں''۔

(سورۃ النور:56)

ہماری دنیا میں مختلف قسم کے نظام حکومت رائج ہیں۔ اکثریت جمہوریت کو پسند کرتی ہے۔ جس میں عوامی نمائندے اپنی خدمات قوم کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ زیادہ مقبولیت حاصل کرنے والے مسند حکومت پر بیٹھ جاتے ہیں۔ اس کے بعد وہ قوم کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہیں یا قوم ان کی خدمات سے کس قدر فائدہ اٹھاتی ہے یہ دونوں کی قسمت ہے۔

نوع انسان کے مجوزہ سیاسی نظام سے ہٹ کر ایک ایسا آسمانی نظام بھی ہے جو بندوں کی ضرورت کے مدنظر خدائے رب العالمین کی طرف سے قائم کیا جاتا ہے اور جو خدا تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ روشنی کے ذریعہ فلاح اور کامیابی کے راستہ پر چلنے کی آسانیاں پیدا کرتا ہے۔ میری مراد اس نظام سے نظام خلافت ہے۔

نظام خلافت وہ بابرکت آسمانی نظام قیادت ہے جو اللہ تعالیٰ جماعت مومنین کو ان کی روحانی بقاء اور ترقی کے لئے عطا فرماتا ہے۔ یہ ایک عظیم انعام ہے جو ایمان اور عمل صالح کی بنیادی شرائط سے مشروط ہے۔ اس خدائی موہبت کی حیثیت ایک حبل اللہ کی ہے۔ اس خدائی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھنا جماعت مومنین کے لئے ان کے ایمان کی تصدیق بھی ہے اور امن و امان اور روحانی ترقیات کی ضمانت بھی۔ حق یہ ہے کہ دین حق کی ترقی اور سربلندی اس بابرکت نظام خلافت سے وابستہ ہے۔

خلافت کا نظام ایک بہت ہی مبارک نظام ہے۔ جس کے ذریعہ آفتاب نبوت کے ظاہری غروب کے بعد اللہ تعالیٰ ماہتاب نبوت کے طلوع کا انتظام فرماتا ہے اور ایسی جماعت کو اس دھکے کے اثرات سے بچا لیتا ہے جو نبی کی وفات کے بعد نوزائیدہ جماعت پر ایک بھاری مصیبت کے طور پر وارد ہوتا ہے۔ نبی کا کام جیسا کہ قرآن کریم کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے۔ مومنوں کی جماعت کی دینی تعلیم، ان کی روحانی و اخلاقی تربیت اور ان کی تنظیم سے تعلق رکھتا ہے اور یہ سارے کام نبی کی وفات کے بعد خلیفہ وقت کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں جس کا وجود جماعت کو انتشار سے بچا کر انہیں ایک مضبوط کڑی میں پروئے رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں نبی کا وجود جماعت کے لئے محبت اور اخلاص کے تعلق کا روحانی مرکز ہوتا ہے۔ جس کے ذریعہ وہ اتحاد اور یک جہتی اور باہمی تعاون کا زریں سبق سیکھتے ہیں اور خلیفہ کا وجود اس درس وفا کو جاری اور تازہ رکھنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ اس لئے آنحضرت ﷺ نے جماعت کے وجود کو جو ایک ہاتھ پر جمع ہونے کی وجہ سے خلیفہ کے وجود کے ساتھ لازم وملزوم ہے، ایک بڑی نعمت قرار دیا ہے اور اسے انتہائی اہمیت دی ہے اور جماعت میں انتشار پیدا کرنے والے پر لعنت بھیجی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

''جو شخص جماعت سے کٹتا ہے اور اس کے اندر تفرقہ پیدا کرتا ہے وہ اپنے لئے آگ کا راستہ کھولتا ہے اور دوسری جگہ فرماتے ہیں کہ اے مومنو! تم پر تمام دینی امور میں میری سنت پر عمل کرنا اور میرے بعد خلفاء کے زمانہ میں ان کی سنت پر عمل کرنا بھی واجب ہوگا کیونکہ وہ خدا کی طرف سے ہدایت یافتہ ہوں گے''۔

پس خلافت کا نظام ایک نہایت ہی بابرکت نظام ہے جس کے ذریعہ جماعتی اتحاد اور مرکزیت کے علاوہ جس کی ہر نوزائیدہ جماعت کو ضرورت ہوتی ہے نبوت کا نور جماعت کے سر پر جلوہ افروز رہتا ہے اور یہ ایک بہت بڑی نعمت اور بہت بڑی برکت ہے۔

## خلافت کی تعریف

لغت کی رو سے خلافت کے معنی نیابت اور جانشینی کے ہیں اور اصطلاحاً اس سے مراد نبی کا جانشین ہوتا ہے۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

''خلیفہ کے معنے جانشین کے ہیں جو تجدید دین کرے۔ نبیوں کے زمانہ کے بعد جو تاریکی پھیل جاتی ہے اس کو دور کرنے کے واسطے جو ان کی جگہ آتے ہیں ان کو خلیفہ کہتے ہیں۔''

ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں:

''خلیفہ جانشین کو کہتے ہیں اور رسول کا جانشین حقیقی معنوں کے لحاظ سے وہی ہوسکتا ہے جو ظلی طور پر رسول کے کمالات اپنے اندر رکھتا ہو''۔

ابن کثیر فرماتے ہیں۔

''لفظ خلیفہ سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس کا کام یہ ہوتا ہے کہ لوگوں کے تنازعات باہمی کو فیصل کرے اور ناکردنی امور سے انہیں باز رکھے۔''

(تفسیر ابن کثیر زیر آیت واذ قال ربك)

تفسیر فتح البیان میں لکھا ہے کہ:

''اسے خلیفہ اس لئے کہا گیا ہے کہ وہ اللہ کا خلیفہ بن کر اس کی زمین میں حدود قائم کرتا ہے اور احکامات جاری کرتا ہے۔''

(تفسیرفتح البیان زیر آیت واذ قال ربك)

## خلافت کی ضرورت واہمیت

تخلیق بشر کے وقت اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو اطلاع دی کہ میں زمین میں اپنی خلافت کو قائم کرنے والا ہوں۔

قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو اہم بنیادی مقصد کی طرف متوجہ فرمایا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: انی اعلم ...... کہ میں آدم کی پیدائش اور نظام خلافت کے قیام میں جو خوبیاں اور کمالات دیکھتا ہوں وہ تمہاری نظروں سے اوجھل ہیں۔ آدم اور اس کی ذریت میری صفات کا کامل ظہور ہوگا اور یہ بات اور کسی مخلوق کے ذریعہ سے پوری نہیں ہوسکتی۔ اس لئے آدم کا پیدا کیا جانا ضروری ہے اور نظام خلافت کا قیام لازمی ہے۔

## نبی کی دو حیثیتیں

قرآن کریم سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر نبی کی دو حیثیتیں ہوتی ہیں ایک اس کا نبی ہونا یعنی خدا سے غیب کی خبریں پانا یہ حیثیت ایسی ہے جس میں نبی کا کوئی قائم مقام نہیں ہوسکتا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

لا یظهر ...... یعنی غلبہ غیب اللہ تعالیٰ انبیاء کے سوا اور کسی کو نہیں دیتا۔ اسی طرح فرماتا ہے کہ ما کان اللّٰه ...... اللہ تعالیٰ ہر ایک کو مصفّٰی علم غیب سے اطلاع نہیں دیتا بلکہ اس غرض کے لئے وہ اپنے رسولوں کو منتخب کرتا ہے۔ ان آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کی اس حیثیت میں اس کا کوئی قائم مقام نہیں ہوسکتا۔

لیکن اس کے علاوہ نبی کی ایک اور حیثیت بھی ہوتی ہے اور وہ اس کا مطاع ہونا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے: وما ارسلنا ...... یعنی ہر نبی کی ایک حیثیت یہ ہوتی ہے کہ وہ مطاع ہوتا ہے اور لوگ اس امر کے پابند ہوتے ہیں کہ اس کی اطاعت کریں اور اس کے احکام پر عمل کریں۔ یہ حیثیت ایسی ہے جس میں غیر نبی نبی کا قائم مقام ہوسکتا ہے اور ایک غیر نبی بھی لوگوں کا مطاع ہوسکتا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں آتا ہے کہ: اطیعوا اللّٰه ...... یعنی خدا کی اطاعت کرو، رسول کی اطاعت کرو اور اولو الامر کی اطاعت کرو۔ پس مطاع ہونا انبیاء کا خاصہ نہیں بلکہ غیر نبی بھی مطاع ہوسکتا ہے۔ پس خلیفہ جو نبی کا جانشین ہوتا ہے کثرت وحی کے سوا ان تمام کاموں میں نبی کا قائم مقام ہوتا ہے جو کام نبی بحیثیت مطاع سرانجام دیتا ہے گویا نبوت کے علاوہ تمام حقوق اور اختیارات جو انبیاء کو حاصل ہوتے ہیں وہی ان کے خلفاء کو بھی حاصل ہوتے ہیں۔ پس جو شخص خلفاء کے احکام کی خلاف ورزی یا ان کے اختیارات میں دخل اندازی کرتا ہے وہ اپنے عمل سے ثابت کرتا ہے کہ اس نے نبی کے اختیارات اور مقام کو نہیں سمجھا۔

## خلافت احمدیہ کی تاریخ

حضرت مسیح موعود کو جب معلوم ہو گیا کہ اب ان کی وفات کے دن قریب ہیں تو آپ نے ایک رسالہ الوصیت تصنیف فرمایا اور اس میں نظام وصیت کے متعلق باتیں تحریر فرمائیں اور جماعت میں وصیت کا نظام قائم فرمایا۔ آپ نے اس رسالہ میں جماعت کو خوش خبری دی کہ ان کی وفات کے بعد جماعت میں خلافت کا نظام قائم ہو گا۔ آپ نے اس کو قدرت ثانیہ کا نام دیا۔ جماعت احمدیہ نے قدرت ثانیہ کو خلافت کے مفہوم میں تسلیم کیا اور آپ کی وفات کے بعد حضرت حکیم مولانا نورالدین صاحب کو 27 مئی 1908ء کو خلیفہ حضرت مسیح موعود منتخب کرلیا۔

حضرت مسیح موعود نے مندرجہ ذیل الفاظ میں قدرت ثانیہ کے ظہور کی خوشخبری دی۔

''سواے عزیزو! جبکہ قدیم سے سنت اللہ یہی ہے کہ خدا تعالیٰ دو قدرتیں دکھلاتا ہے تا مخالفوں کی دو جھوٹی خوشیوں کو پامال کر کے دکھلا دے سو اب ممکن نہیں ہے کہ خدا تعالیٰ اپنی قدیم سنت کو ترک کر دیوے اس لئے تم میری اس بات سے جو میں نے تمہارے پاس بیان کی غمگین مت ہو اور تمہارے دل پریشان نہ ہو جائیں کیونکہ تمہارے لئے دوسری قدرت کا بھی دیکھنا ضروری ہے اور اس کا آنا تمہارے لئے بہتر ہے کیونکہ وہ دائمی ہے جس کا سلسلہ قیامت تک منقطع نہیں ہو گا اور وہ دوسری قدرت نہیں آ سکتی جب تک میں نہ جاؤں لیکن میں جب جاؤں گا تو پھر خدا اس دوسری قدرت کو تمہارے لئے بھیج دے گا جو ہمیشہ ساتھ رہے گی۔''

حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کا دور خلافت بڑا کامیاب رہا اور جماعت میں خلافت کے نظام کی جڑیں مضبوط ہوگئیں۔ بعض اوقات بعض ناعاقبت اندیشوں نے خلافت کے خلاف باتیں کیں۔ لیکن حضرت خلیفہ اوّل نے ان مخالفت کرنے والوں کے منہ بند کر دیئے اور انہوں نے مخالفت ترک کر دی۔

حضرت خلیفہ اوّل 13 مارچ 1914ء کو وفات پاگئے۔ آپ کی وفات کے بعد 14 مارچ 1914ء کو حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد کو جماعت احمدیہ نے جماعت کا خلیفہ منتخب کر لیا۔ خلافت ثانیہ میں جماعت کو ہر میدان میں ترقی نصیب ہوئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو اللہ تعالیٰ نے 7 اور 8 نومبر 1965ء کی درمیانی شب اپنے پاس بلا لیا اور آپ

باقی صفحہ 13 پر

## خورشید شاپنگ سنٹر

پرفیوم، کاسمیٹکس، ہوزری اور انڈر گارمنٹس مناسب ریٹ پر دستیاب ہے۔

محسن مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ

پروپرائٹر: فضل محمد فاتح: 047-6213001

## نکھار اور دلکشی کے لئے

روشن کاجل، حسن نکھار کریم، زرگل ہیئر آئل، حسن نکھار اُبٹنہ، سفوف سکاکائی

NASIR ناصر

ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گول بازار۔ ربوہ

PH:047-6211434,6212434

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا

## NASEEM JEWELLERS

23K/22K JEWELLERY SUPPLIERS

پروپرائٹر: میاں وسیم احمد

فون دکان 6212837

Mob:03007700369

اقصیٰ روڈ ربوہ

## MFC ایم ایف سی

فاسٹ فوڈ، برگرز، پیزا، BBQ پاکستانی اور چائنیز کھانے

Master Fried Chicken

# MASTER FRIED CHICKEN

A Nice Place to Meet and Eat in

# RABWAH

طالب دعا: بشارت احمد خان اقصیٰ روڈ ربوہ

047-6005115

047-6213223

## نگینہ برتن سٹور

المعروف چوہدری سراج دین اینڈ سنز

طالب دعا: چوہدری مبارک احمد

چوک جتوتھاں۔ چنیوٹ

فون: 047-6332870، 0300-7714390

اوقات 6:00 بجے شام تا 10:00 بجے رات

## سراج کلینک

محلہ معظم شاہ چنیوٹ

طالب دعا: ڈاکٹر ساجد محمود: 0301-8604965

## ثروت ہوزری سٹور

پاکستانی، ایرانی، کشمیری شال، جرسی، سویٹر لوکل وامپورٹڈ جرسی، سویٹر، تولیہ، بنیان، جراب، رومال، اور ٹراوزر، شرٹ کی مکمل ورائٹی دستیاب ہے۔ نیز لنگی لاچہ، جائے نماز کی ورائٹی دستیاب ہے۔

کارنر جھنگ بازار چوک گھنٹہ گھر فیصل آباد Ph:0412627489,03007988298

خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ

الیس اللہ کی انگوٹھیاں دستیاب ہیں

## امین جیولرز

خالص سونے کے عمدہ دلکش اور حسین زیورات کا مرکز

سراج مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ

دکان: 047-6213213

موبائل: 0333-5497411

عینکیں ڈاکٹری نسخہ کے مطابق لگائی جاتی ہیں۔

کنٹیکٹ لینز دستیاب ہیں

معائنہ نظر بذریعہ کمپیوٹر

## نعیم آپٹیکل سروس

نظر و دھوپ کی عینکیں

چوک کچہری بازار، فیصل آباد

041-2642628

0300-8652239

## فاتح جیولرز

www.fatehjewellers.com

Email:fatehjeweller@gmail.com

ربوہ فون نمبر: 0476216109

موبائل 0333-6707165

PIA Emirates QATAR AIRWAYS ETIHAD AA BRITISH AIRWAYS GULF AIR

Lufthansa THAI SINGAPORE AIRLINES SriLankan Airlines SHAHEEN AIR

## Blue Lines Travel & Tours

اندرون ملک وبیرون ملک کی ائیر ٹکٹس، ٹکٹس ریزرویشن، ہوٹل بکنگ ٹریول انشورنس اور پروٹیکٹر وغیرہ رعایتی قیمت پر دستیاب ہیں۔

11/20 ریلوے روڈ (بالمقابل احمد مارکیٹ) ربوہ

PH;047-6211295 Mob:03324749941, 03417949309

Email:bluelines2015@hotmail.com

## میاں سنز

رائس مرچنٹ

طالب دعا

مولود احمد خالد

041-2610142

2646307

0300-6677174

ہمارے ہاں اعلیٰ کوالٹی کے چاول دستیاب ہیں۔

نزد اہلحدیث مسجد منٹگمری بازار فیصل آباد

## سمیع سٹیل انڈسٹریز

مینوفیکچرز اینڈ جنرل آرڈر سپلائرز

اعلیٰ قسم کے لوہے کی چوکھاٹ کا مرکز

ڈیلرز: G.P_C.R.C_H.R.C شیٹ اینڈ کوائل

## خان سینٹری ورکس

سامان سینٹری

ڈیورا واٹر ٹینک ● جی آئی پائپ ● چائنہ فٹنگ

● سماوار گیزر ڈیلر ● پی وی سی پائپ

ہماری خدمات حاصل کریں

بہترین سماوار گیزر دستیاب ہیں

P.P.R پائپ اینڈ فٹنگ

لال پمپ کے با اعتماد ڈیلر

0302-7683580

دارالرحمت شرقی ربوہ

047-6212831

پروپرائٹر: فیاض احمد خان

# STUDY IN GERMANY

Bachelor (with Foundation Year) & Master Degree Programmes Available

**FREE DEGREE PROGRAMMES**

Science / Engineering / Management

Medicine / Economics / Humanities

**Get 18 Months Job Search Time After Masters Degree & Even Work Allowed During Studies**

**APPLY NOW (Requirement)**

- Intermediate with above 60%
- A-Level Students
- Bachelor Students with min 70%
- Students awaiting result can also apply

**Consultancy + Admission Assistance + Documentation**

Even after reaching Germany, pick up service from Airport till University

**Please contact your ErfolgTeam in Germany**

**Office Tel:** 0049 7940 5035030 (Monday-Friday), **Fax:** 0049 7940 5035031

**Web:** www.erfolgteam.com , **E-mail:** info@erfolgteam.com

مکرم مولانا محمد حفیظ صاحب بقاپوری

# برکات خلافت آسمانی تائیدات کے آئینہ میں

1952ء میں پاکستان کے اندر مخالفت کے کچھ بادل اُٹھے۔ مگر جس خطرناک اور منظّم صورت میں وہ طوفان اُٹھا جو 1953ء کے مارچ میں مغربی پاکستان بالخصوص خطہ پنجاب میں ظاہر ہوا۔ وہ بہت ہی ہیبت ناک تھا۔ حکومت کے بعض کل پرزے اور عوام سبھی اس مٹھی بھر جماعت کو برباد کرنے کا مصمم ارادہ کر چکے تھے۔ اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 13 جنوری 1953ء میں ان امور کا ذکر کرتے ہوئے آخر میں ہر باخدا انسان کی طرح اپنے تمام تر امور کا بھروسہ خدا پر ظاہر کیا اور اپنے ایمان اور یقین کا اظہار ان الفاظ میں کیا۔ جو ایک پہلو سے آئندہ ظاہر ہونے والے واقعات کے لئے پیشگوئی کا رنگ رکھتے ہیں:

''یاد رکھو اگر تم نے احمدیت کو سچا سمجھ کر مانا ہے، تو تمہیں یقین رکھنا چاہئے کہ احمدیت خدا تعالیٰ کی قائم کی ہوئی ہے (مخالفین) اور ان کے ساتھی اگر احمدیت سے ٹکرائیں گے تو ان کا حال اُس شخص کا سا ہوگا جو پہاڑ سے ٹکراتا ہے۔ اگر یہ لوگ جیت گئے تو ہم جھوٹے ہیں۔ لیکن اگر ہم سچے ہیں، تو یہی لوگ ہاریں گے ......۔'' (بدر قادیان 28 فروری 1953ء)

یہ فتنہ اُٹھا اور اپنی پوری شدت سے اُٹھا، متعدد مقامات میں جہاں کوئی احمدی ملا، عوام کے ہاتھوں پٹا اور متعدد مقامات پر جائیدادوں کو نقصان پہنچا اور بعض افراد کو جام شہادت بھی نوش کرنا پڑا۔ گویا ایک آگ تھی جو خطۂ پنجاب میں شعلہ زن تھی۔ یکم مارچ 1953ء کو الفضل بند کر دیا گیا۔ اس کی جگہ لاہور سے ہفت روزہ اخبار ''فاروق'' جاری ہوا۔ جس کے پہلے نمبر میں حضرت امام جماعت احمدیہ نے ایک مختصر اور درد بھرا پیغام جماعت کے نام شائع فرمایا۔ جس میں ایسے نازک حالات میں بھی اپنے محکم یقین کا اظہار فرمایا:

''الفضل کو ایک سال کے لئے بند کر دیا گیا ہے احمدیت کے باغ کو جو ایک ہی نہر لگتی تھی اُس کا پانی روک دیا گیا ہے پس دعائیں کرو اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو اس میں سب طاقت ہے۔ آپ بھی دعا کرتے رہیں۔ میں بھی دعا کرتا ہوں، انشاء اللہ فتح ہماری ہے۔ کیا آپ نے گزشتہ چالیس (40) سال میں کبھی دیکھا ہے کہ خدا تعالیٰ نے مجھے چھوڑ دیا؟ تو کیا اب وہ مجھے چھوڑ دے گا؟ ساری دنیا مجھے چھوڑ دے۔ مگر وہ انشاء اللہ مجھے کبھی نہیں چھوڑے گا۔ سمجھ لو کہ وہ میری مدد کے لئے دوڑتا آ رہا ہے۔ وہ میرے پاس ہے وہ مجھ میں ہے۔ خطرات ہیں اور بہت ہیں مگر اس کی مدد سے سب دور ہو جائیں گے۔ تم اپنے نفسوں کو سنبھالو اور نیکی اختیار کرو۔ سلسلہ کے کام خدا خود سنبھالے گا۔ 3 مارچ 1953ء''

(بدر قادیان 14 مارچ 1953ء)

فتنہ ابھی زوروں پر تھا تو آپ نے ایک بلیٹین کے ذریعہ مورخہ 5 مارچ 1953ء کو روحانیت سے لبریز پیغام جماعت کے نام ارسال فرمایا۔ جس میں فرمایا:

''آپ لوگ صبر سے کام لیں دعاؤں میں لگے رہیں۔ فتنوں کی جگہوں سے بچیں۔ ایک دوسرے کی خبر لیتے رہیں۔ مرکز سے تعلق بڑھانے چاہئیں۔ افسروں سے تعاون کریں اور خدا تعالیٰ پر پورا توکل کریں کہ وہ جو آخر تک صبر سے کام لے گا اور ایمان پر قائم رہے گا، وہی دائمی جنت کا وارث ہوگا اور خدائے تعالیٰ کا قرب حاصل کرے گا۔ خوش قسمت ہو تم کہ جنت تمہارے قریب کی گئی ہے اور خدا تعالیٰ کے فضل کے دروازے تمہارے لئے کھول دیئے گئے ہیں۔ خدا تعالیٰ کے فرشتے تمہارے لئے اتر رہے ہیں اور ان کی نصرت بارش کی طرح برس رہی ہے۔ جس کی آنکھیں ہیں۔ وہ دیکھتا ہے۔ جو اندھا ہے، اُسے تو کچھ بھی نظر نہیں آتا، تم اپنی آنکھیں کھولو اور خدا تعالیٰ کے فضلوں کو دیکھو۔ تم سے پہلے لوگ تم سے بہت زیادہ مصیبتوں کا شکار ہوئے مگر انہوں نے اُف تک نہ کی اور ہمت سے آگے بڑھ گئے۔ یہاں تک کہ خدا تعالیٰ کی گود میں انہوں نے جگہ پائی۔ تمہارے لئے بھی وہی برکتیں ہیں، صرف آگے بڑھنے اور اٹھانے کی ضرورت ہے۔ خدا تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے۔'' (بدر 28 مارچ 1953ء)

باوجودیکہ یہ وقت جماعت پر سخت ابتلاء کا تھا۔ خدا تعالیٰ نے جماعت کو ہر طرح ثابت قدم رکھا۔ اور باوجود بعض افراد کی جانی اور بہت سی مالی قربانی کے، ان کے ایمان پہلے سے زیادہ پختہ ہوئے اور وہ اپنے اخلاص اور محبت میں آگے ہی بڑھے۔

آخر حالات نے پلٹا کھایا اس جماعت کو اپنے ہاتھ سے قائم کرنے والے خدا نے اسے طوفان سے بچانے کے سامان کر دئے اور مخالفت پر کمربستہ افراد کیفر کردار کو پہنچنے لگے۔ لاہور میں مارشل لاء لگا اور بموجب الہام الٰہی:۔

قادر کے کاروبار نمودار ہوگئے
کافر جو کہتے تھے وہ گرفتار ہوگئے

سرزمین پنجاب نے پھر سے چین کا سانس لیا۔ حکومت کی طرف سے ان فسادات کی پڑتال کے لئے ایک کمیشن مقرر کیا گیا۔ تمام سرکردہ مخالفین کے بیان قلمبند کئے جانے لگے۔ چنانچہ یکے بعد دیگرے عدالت کے سامنے ان کے بیانات ہوئے۔ شائع ہونے پر سنجیدہ طبع افراد نے اس پر غور کیا اور بالآخر رہبران قوم کی بے بضاعتی اور سفلہ پن کے معترف ہوئے۔ چنانچہ اخبار صدق جدید لکھنؤ کے حوالہ سے جمعیت العلماء ہند کے ایک متوسل خصوصی کے قلم سے حسب ذیل اعتراف ملاحظہ ہو:

''پاکستان کو تو چھوڑیئے اینٹی احمدیہ تحریک نے علماء کرام کو اپنوں اور غیروں کی نظر میں اس قدر ذلیل اور رسوا کیا ہے کہ مجموعی حیثیت سے اس کی کوئی نظیر تاریخ میں نہیں مل سکتی حق یہ ہے کہ پاکستان کے علماء نے اپنی گردنیں خود اپنے ہاتھوں سے کاٹی ہیں اور اپنے وقار پر خود ہی خاک اڑائی ہے۔ لطف یہ ہے اس حادثہ کا اعتراف دوسرے لوگ تو کرلیں گے، خود علماء کرام ہرگز نہ کریں گے۔ لاہور میں جو تحقیقاتی کمیشن علماء کرام سے شہادتیں لے رہا ہے۔ اس نے نہ صرف علماء کے وقار ہی کو بلکہ علم و فضل کو بھی بے نقاب کرڈالا ہے۔ شہادت دینے گئے تھے اس بات کی کہ قادیانی کافر ہیں اور بتا یہ آئے کہ خیریت سے وہ خود بھی دوسروں کی نظر میں کافر ہی قرار پائے ہیں اور وہ تکفیر بازی کی مشق آپس میں ہی ہمیشہ سے کرتے آئے ہیں۔''

(صدق جدید لکھنؤ 8 جنوری 1954ء)

1952ء کی مخالفت کے بعد جب ربوہ میں جلسہ سالانہ منعقد ہوا تو حسب دستور اس جلسہ پر بھی ہزاروں عقیدت مند احمدیوں کے علاوہ متعدد غیر از جماعت بھی شریک جلسہ ہوئے چنانچہ ہفت روزہ ''اقدام'' لاہور حضرت امام جماعت احمدیہ کی تقریر کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچتے ہیں:

''مرزا صاحب نے ساڑھے چار گھنٹے کی تقریر میں جماعتی تنظیم کے علاوہ ملکی اور عالمی سیاست کے ہر اہم مسئلہ پر روشنی ڈالی اور بالخصوص احمدیت کے سرپھرے مخالفین کی طرف سے جو اعتراضات کئے یا بقول مرزا صاحب جو جھوٹے الزامات لگائے جاتے ہیں ان کے انہوں نے وہ بخیئے اُدھیڑے کہ مجمع پر کیفیت کا عالم طاری ہوگیا اور سامعین کے چہروں پر ایسی بشاشت نظر آنے لگی گویا مخالفتوں کے شور اور مشکلات کے پہاڑ اٹھانے ان کے لئے اس پہلے سے بھی زیادہ آسان ہوگئے ہیں۔ اس تقریر کے بعد یوں معلوم ہوا تھا کہ ایثار و وفا کے یہ پتلے اب پہلے سے بھی زیادہ مضبوط ہوگئے ہیں۔ اور یہ کہ ان میں ایک نئی روح پھونک دی گئی۔''

''میں جس قدر بھی مجمع کی کیفیت کا مطالعہ کرتا تھا اسی قدر میرا یہ احساس بڑھتا جا رہا تھا کہ مولویوں کی مخالفت نے انہیں زیادہ راسخ عقیدہ بنا دیا ہے۔ اور یہ اپنے ارادوں میں اور زیادہ پختہ ہوگئے ہیں۔ اور ان کے حوصلے نہ صرف بڑھے ہیں، بلکہ بڑھتے ہی جا رہے ہیں۔''

''میرے دل نے کہا اے کاش ہمارے علماء جذباتی نعرے لگانے اور کانفرنسوں سے ہمارا لہو گرمانے کی بجائے ٹھوس بنیادوں پر اس جماعت کا مقابلہ کریں۔ لیکن ٹھوس بنیادوں پر مقابلہ خالہ جی کا گھر نہیں۔ اس کے لئے منفی قسم کی جدو جہد کی بجائے خاص مثبت نوعیت کے عمل کی ضرورت ہے۔ یعنی جو احمدی لوگ سرانجام دے رہے ہیں اُسے ہم یا ہمارے مولوی صاحبان سرانجام دے رہے ہوں۔ ان کا ایک مشن قائم ہے تو اس کے مقابلے میں ہمارے دس مشن ہونے چاہئیں۔ جو ان کے تبلیغی کاروبار کو تہس نہس کر کے رکھ دیں۔ لیکن اس کیلئے روپے سے زیادہ عزم و استقلال اور جذبہ قربانی کی ضرورت ہے اور وہ ہم میں مفقود ہے، چندے کی اپیلیں بہت ہیں اور کام کی سبیلیں کوئی نہیں۔ نعرے جتنے چاہو لگوا لو لیکن عمل کے نام پر میدان صاف ہے۔''

(اقدام۔ لاہور 5 جنوری 1953ء)

1953ء کی طوفانی مخالفت کے بعد سنجیدہ مزاج افراد کو بھی جلسہ سالانہ میں شرکت کا موقع ملا۔ چنانچہ ہفت روزہ تنظیم پشاور کے ایڈیٹر صاحب نے اپنے تاثرات 4 جنوری 1954ء کے پرچہ میں بایں الفاظ شائع کئے:

''ہم نے گولڑہ شریف کے عرسوں میں شرکت کی ہے۔ تقریریں سنی ہیں۔ قوالیاں سنی ہیں۔ حسب مراتب مہمان نوازیاں دیکھی ہیں۔ لیکن جو عملی تڑپ عملی نقل و حرکت، عملی ولولہ ایک چھوٹی سی جماعت احمدیہ کے اندر ہے وہ ہم نے گولڑہ شریف کے جم غفیر میں بھی نہیں دیکھی۔ ہم اگر یہ تجویز پیش کریں تو کون مانے گا کہ گولڑا شریف، بسالی شریف، خواجہ حسن نظامی اور سب بزرگ مل کر ایک کانفرنس منعقد کریں۔ جس میں جماعت احمدیہ کے ساتھ ان باتوں کا تصفیہ کریں جو مابہ الاختلاف ہیں اور پھر ایک متوازن شکل میں خدمت قرآن کریں۔ ہم نے خود پانچ منٹ حضرت بشیر الدین محمود صاحب سے ملاقات کی انہیں معلوم تھا کہ میرا مرید نہیں ہے انہیں معلوم تھا کہ جماعت کے وابستگان کے سلسلہ میں اس کا نام نہیں ہے۔ لیکن انہوں نے جن خیالات کا اظہار فرمایا اس میں (دین) اور دین محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے سچی تڑپ، سچی عقیدت اور سچی رہنمائی کے آثار نظر آ رہے تھے''۔

بہرحال پاکستان میں مخالفت کا طوفان جہاں وقتی طور پر جماعت احمدیہ کے ابتلاء کا موجب ہوا وہاں جماعت کے ایمان کو بہت زیادہ بڑھانے کا باعث بنا۔ کیونکہ ہر احمدی نے دیکھ لیا کہ کس طرح دشمن پہاڑ سے ٹکرایا اور چکنا چور ہوگیا اور احمدیت کو فتح نصیب ہوئی۔ خواہ مخالفین زبان سے اس کا اعتراف نہ کرے۔ مگر اُس کا دل ضرور گواہی دیتا ہے کہ خدا کے مقدس خلیفہ کے یہ الفاظ سچے ثابت ہوئے کہ:

''احمدیت خدا تعالیٰ کی قائم کی ہوئی ہے (مخالفین) اور ان کے ساتھی اگر احمدیت سے ٹکرائیں گے تو ان کا حال اُس شخص کا سا ہوگا جو پہاڑ سے ٹکراتا ہے۔ اگر یہ لوگ جیت گئے تو ہم جھوٹے ہیں۔ لیکن اگر ہم سچے ہیں، تو یہی لوگ ہاریں گے۔''

(اخبار بدر قادیان 21 فروری 1954ء)

طارق انٹیریئر
فرنیچر جو آپ کے مکان کو گھر بنا دے
ملک سنٹر تحصیل چوک فیصل آباد روڈ چنیوٹ
طالب دعا: لیاقت علی
0331-7790690
0341-1563806

اگر ایمان اور صالح عمل شرط ارادت ہے
تو ہر صورت خلافت سے ارادت ہم سنبھالیں گے

ہم اپنے پیارے امام کی صحت و تندرستی اور فعال زندگی کیلئے دعا گو ہیں

صدر لجنہ وار اکین عاملہ لجنہ کوٹ عبدالمالک
شرق پور خورد بیگم کوٹ
ضلع شیخوپورہ

اعلیٰ معیاری فوٹو کاپی۔ کلر فوٹو سٹیٹ لیمینیشن
فیکس اور کمپیوٹر کی سہولت بھی موجود ہے۔

**شاہین فوٹو سٹیٹ سروس**

کچہری بازار۔ فوارہ چوک حافظ آباد
طالب دعا: لقمان احمد

انگریزی ادویات و ٹیکہ جات کا مرکز
بہتر تشخیص مناسب علاج

**کریم میڈیکل ہال**

گول امین پور بازار فیصل آباد
فون 2647434

**عوامی بلڈنگ میٹریل سٹور**

ہمارے ہاں گاڈر، ٹی آر، سریا، سیمنٹ اور
بلڈنگ میٹریل کی تمام اشیاء موجود ہیں
لنک ساہیوال روڈ دارالبرکات ربوہ

پروپرائیٹر: بشارت احمد

فون: 047-6212983 موبائل 0300-4313469

Abdul Akbar
**Akbar Centre**
House Of Gas Appliances
Stoves, Hobs, Hoods, Geezer
Cooking Range, Cooking Cabinet
Sinks, Heater, Gas, Oven, Built-in-Oven
133- Temple Road Abid Market Lahore
PH:042-37353553

**شادابی**
خون صاف کرتی ہے اور
خون پیدا کرتی ہے
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گول بازار۔ ربوہ
NASIR ناصر
PH:047-6211434,6212434

**احمد ٹریولز انٹرنیشنل** گورنمنٹ لائسنس نمبر 2805
یادگار روڈ ربوہ
اندرون و بیرون ہوائی ٹکٹوں کی فراہمی کیلئے رجوع فرمائیں
Tel:6211550 Fax 047-6212980
Mob:0333-6700663
E-mail:ahmadtravel@hotmail.com

**Shahid**
**Electric Store**
Gole Aminpur Bazar Faisalabad
Tel: 041-2632606, 2642605 Mob: 0300-9651055

Education Concern Education Concern Education Concern Education Concern Education Concern Education Concern

**Study Abroad**
Get Admission in Top Level Universities / Colleges / Schools in
UK, USA, Canada, Australia, New Zealand, Malaysia, Ireland, Holland & China.

**IELTS™**
English for International Opportunity
iTEP Training & Testing Center
Training By **Qualified Teachers**
International College of Languages
ICOL

**Visit / Settlement Abroad:**
→ Jalsa Visa
→ Apeel Cases
→ Visit / Business Visa.
→ Family Settlement Visa.
→ Supper Visa for Canada.

EC Education Concern
**Education Concern**® (British Council Trained Education Consultant)
67-C, Faisal Town, Lahore
042-35162310 / 35177124 / 0302-8411770/0331-4482511
www.educationconcern.com
info@educationconcern.com
Skype ID: counseling.educon

Education Concern Education Concern Education Concern Education Concern Education Concern Education Concern

پاکستان اور دنیا بھر میں آپ کے خطوط اور پارسل
کی ترسیل کیلئے DHL کی سہولت موجود ہے

**وینس ڈیجیٹل فوٹو سٹوڈیو اینڈ فوٹو سٹیٹ**

ارجنٹ سروس، رنگین فلموں کی ڈویلپنگ، پرنٹنگ
پلاسٹک کور، لیمینیشن، کلر فوٹو سٹیٹ کی سہولت کے ساتھ

99 ریلوے روڈ۔ ریلوے سٹیشن لاہور
طالب دعا: عبدالودود قیصر ابن منور احمد قیصر
فون آفس: 042-6118774

اشتہارات، شادی کارڈ، وزٹنگ کارڈ، ربڑ نائیلون کی
مہریں بنوانے کے لئے تشریف لائیں۔

**خان پرنٹنگ پریس**

مندر روڈ، بالمقابل ٹی بی ہسپتال چنیوٹ

طالب دعا: قمر احمد
047-6337152
0333-6711921




**SHEIKHsons**
31,32 Bank Square Market Model Town,
Lahore-54700,Pakistan

Tell: 042-35832127, 35832358
Fax: 042-35834907
Web site: www.sheikhsons.com

**Indentors, Suppliers & Contractors**

(1) Gas & steam Turbines Spares (2) Boilers
(3) Speciality Chemicals for Oil & Gas and Power Industry

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

**فضل عمر ایگریکلچر فارم**

زرعی مشورہ جات کے لئے رابطہ کریں۔

صابن دستی تحصیل ماتلی ضلع بدین
چوہدری عتیق احمد
0223004981
0300-3303570

# حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بابرکت تحریکات

## علمی، عملی، تربیتی اور روحانی زندگی کے کیف آور جام۔ اونچا اڑانے والی ہوائیں

عبدالسمیع خان

قرآن کریم میں 700 کے قریب احکام ہیں اور یہی جماعت احمدیہ کا لائحہ عمل ہے۔ اس زمانہ کے لئے ان کی جو تشریح حضرت مسیح موعود نے کی ہے خلافت احمدیہ اسی پر عملدرآمد کے لیے کوشاں ہے۔

## تحریک سے کیا مراد ہے

اللہ تعالیٰ کی رہنمائی اور وقت کی ضرورت کے تابع مختلف وقتوں میں بعض قرآنی نصائح پر زیادہ شدت سے کاربند ہونے کی ضرورت ہوتی ہے اور یہی عمل صالح کی تعریف ہے یا کسی معاملہ میں کمزوری کی وجہ سے اس کی طرف خصوصی توجہ دلائی جاتی ہے اور خلفاء سلسلہ الٰہی تفہیم کے تحت جماعت کے لیے نئی سکیم یا پروگرام کا اعلان کرتے ہیں اسی کو جماعتی اصطلاح میں خلفائے سلسلہ کی تحریکات کہا جاتا ہے۔

اس سلسلہ میں ائمہ بعض دفعہ نظام جماعت کو مخاطب کرتے ہیں اور نئے دفاتر یا محکموں کا قیام ہوتا ہے جو تمام اعداد و شمار جمع کرتے ہیں اور تدریجی ترقی کا ریکارڈ رکھتے ہیں۔

بعض دفعہ ایک عمومی تحریک ہوتی ہے اور احباب جماعت اپنے طور پر ذمہ دار ٹھہرتے ہیں اور معاشرہ میں ایک عمومی بیداری اور ہلچل نظر آتی ہے۔

الٰہی منشا کے مطابق کئی دفعہ نئی سکیموں کا اجراء ہوتا ہے اور کئی دفعہ سابقہ سکیموں میں نئے اضافے اور تبدیلیاں ہوتی ہیں اور ان سب کا مقصد ایک ہی ہے کہ حضرت مسیح موعود کے ارشاد کی روشنی میں جماعت احمدیہ قرآن کریم اور آنحضرت ﷺ کی سچی اطاعت کرنے والی ہو اور مسابقت فی الخیر میں ہمیشہ قدم آگے بڑھاتی رہے۔

## حضور انور کی 13 سالہ تحریکات

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپریل 2003ء میں مسند خلافت پر متمکن ہوئے تھے اور 2016ء میں اس بابرکت موقع پر 13 سال مکمل ہو چکے ہیں۔ اس عرصہ میں حضور انور نے بھی جماعت کی علمی و عملی ترقی کے لیے بہت سی بابرکت سکیموں کا اعلان فرمایا ہے۔

یوں تو حضور انور کا ہر خطبہ جمعہ، ہر تقریر، ہر تحریر، ہر پیغام اور ہر ہدایت ہی ایک تحریک کا رنگ رکھتی ہے لیکن وہ امور جن پر حضور انور نے خصوصیت سے زور دیا، بار بار ہدایات دیں، مختلف اداروں کو ذمہ دار ٹھہرایا ان کو تحریکات کی صورت میں مختصراً پیش کیا جارہا ہے۔

## خلافت سے زندہ تعلق رکھنے اور ایم ٹی اے سے استفادہ کی تحریک

ہماری انفرادی اور اجتماعی اصلاح اور کاوشوں کا خلافت سے گہرا تعلق ہے۔ اس لیے حضور انور تمام جماعت کو بار بار اس طرف ترغیب دلاتے ہیں کہ خلافت سے زندہ اور گہرا تعلق قائم رکھیں۔

فرمایا: ’’اپنے آپ کو حضرت مسیح موعود سے جوڑ کر اور پھر خلافت سے کامل اطاعت کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ یہی چیز ہے جو جماعت میں مضبوطی اور روحانیت میں ترقی کا باعث بنے گی۔ خلافت کی پہچان اور اس کا صحیح علم اور ادراک اس طرح جماعت میں پیدا ہونا چاہئے کہ خلیفہ وقت کے ہر فیصلے کو بخوشی قبول کرنے والے ہوں‘‘۔

(الفضل 18 مارچ 2014ء)

حضور انور نے سنگاپور میں ہدایت فرمائی کہ مربیان حضور کے خطبات کے نوٹس بنا کر جماعت کو پہنچایا کریں۔ (الفضل 26/اکتوبر 2013ء)

اس ضمن میں حضور انور نے ایم۔ ٹی۔ اے سے استفادہ کی خصوصی تحریک بار بار کی ہے فرمایا:

’’ہر احمدی کو روزانہ کچھ وقت مقرر کر کے اس کا کوئی نہ کوئی پروگرام ضرور سننا چاہئے‘‘۔

(الفضل یکم نومبر 2013ء)

’’کم از کم آپ کو میرے خطبات، تقاریر اور میرے دیگر پروگرام دیکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے‘‘۔ (الفضل 5 نومبر 2013ء)

## قیام نماز کی تحریک

حضور انور آغاز خلافت سے ہی جماعت کو نماز کی طرف مسلسل توجہ دلا رہے ہیں فرمایا:

’’اگر نظام خلافت سے فیض پانا ہے تو اللہ تعالیٰ کے اس حکم کی تعمیل کرو کہ یعبدوننی یعنی میری عبادت کرو اس پر عمل کرنا ہوگا ...... دنیا کی ہر جماعت میں جہاں جہاں بھی احمدی آباد ہیں نمازوں کے قیام کی خاص طور پر کوشش کریں۔‘‘

(الفضل 29 مئی 2007ء)

15/اپریل 2016ء کو حضور انور نے مکمل خطبہ جمعہ میں نماز پڑھنے اور معیار بلند کرنے کی تلقین فرمائی۔

فرمایا: اصلاح کا کام بہت بڑا ہے کسی کی اصلاح کرنے میں ہرگز تھکنا نہیں بلکہ چار ہزار دفعہ بھی کہنا پڑے تو کہیں۔ نہ تھکنا ہے اور نہ مایوس ہونا ہے نرمی سے سمجھاتے چلے جانا ہے۔

(الفضل 22 مئی 2006ء)

## دونوافل اور نفلی روزہ کی تحریک

دنیا بھر میں خصوصاً پاکستان میں جماعت کی بڑھتی ہوئی مخالفت کے پیش نظر حضور انور نے 3 دسمبر 2010ء کو روزانہ 2 نوافل ادا کرنے کی تحریک فرمائی۔ (الفضل 18 جنوری 2011ء)

اس طرح حضور انور نے 7/اکتوبر 2011ء کو ہفتہ وار ایک روزہ رکھنے کا بھی ارشاد فرمایا۔

(الفضل 29 نومبر 2011ء)

حضور انور نے 12 فروری 2016ء کے خطبہ جمعہ میں ہفتہ وار 40 نفلی روزوں کی تحریک فرمائی۔

## تعمیر بیوت الذکر کی تحریک

فرمایا: ’’(بیوت الذکر) کی ایک مد ہونی چاہئے اس میں جب بچے پاس ہو جائیں تو اس وقت یا کسی اور خوشی کے موقع پر اللہ تعالیٰ کے گھر کی تعمیر میں چندہ دیا کریں۔‘‘ (الفضل 23 فروری 2006ء)

جرمنی میں سو بیوت الذکر کی تکمیل کی تحریک فرمائی۔ (الفضل 22 مئی 2004ء)

تمام دنیا میں بیوت الذکر کی تعمیر اور توسیع کی تحریک مسلسل جاری ہے۔

## مالی قربانی کی تحریک

28 مئی 2004ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا:

’’ایک اہم چندہ جس کی طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں وہ زکوٰۃ ہے۔ زکوٰۃ کا بھی ایک نصاب ہے اور معین شرح ہے۔ عموماً اس طرف توجہ کم ہوتی ہے۔‘‘ (الفضل 24/اگست 2004ء)

اس طرح حضور انور کثرت سے مالی قربانی کرنے، اپنی آمد درست لکھوانے، اس کے مطابق چندہ دینے اور اس بارہ میں قول سدید اختیار کرنے کی تحریک فرماتے رہتے ہیں۔

## تعلیم القرآن کے متعلق تحریک

فرمایا: ’’ہر احمدی کو اس بات کی فکر کرنی چاہئے کہ وہ خود بھی اور اس کے بیوی بچے بھی قرآن کریم پڑھنے اور اس کی تلاوت کرنے کی طرف توجہ دیں۔ پھر ترجمہ پڑھیں پھر حضرت مسیح موعود کی تفسیر پڑھیں ...... سب ذیلی تنظیموں کو اس سلسلہ میں کوشش کرنی چاہئے۔‘‘ (الفضل 7 دسمبر 2004ء)

آج ہم احمدیوں کی ذمہ داری ہے ہر احمدی کی ذمہ داری ہے کہ وہ قرآنی تعلیم پر نہ صرف عمل کرنے والا ہو اپنے اوپر لاگو کرنے والا ہو بلکہ آگے بھی پھیلائے۔ (الفضل 11 نومبر 2005ء)

جب امریکہ میں ایک ملعون نے قرآن کریم جلانے کی ناپاک مہم چلائی تو حضور نے قرآنی حسن آشکار کرنے کے لئے قرآن کریم اور اس کے تراجم کی نمائشیں لگانے کا ارشاد فرمایا۔

(الفضل 10 مئی 2011ء)

## وقف عارضی میں شمولیت کی تحریک

وقف عارضی کی تحریک خلافت ثالثہ سے جاری ہے۔ حضور انور نے اس میں دوبارہ ذوق و شوق سے حصہ لینے کی تحریک فرمائی اور مجلس مشاورت پاکستان 2004ء میں ربوہ کے علاوہ 5 ہزار واقفین عارضی مہیا کرنے کی تحریک کی۔

## دعوت الی اللہ کی تحریک

فرمایا: ’’دعوت الی اللہ کریں۔ حکمت سے کریں۔ ایک تسلسل سے کریں۔ مستقل مزاجی سے کریں اور ٹھنڈے مزاج کے ساتھ مستقل مزاجی کے ساتھ کرتے چلے جائیں۔ دوسرے کے جذبات کا بھی خیال رکھیں اور دلیل کے لیے ہمیشہ قرآن کریم اور حضرت اقدس مسیح موعود کی کتابوں سے حوالے نکالیں۔ (الفضل 21 دسمبر 2004ء)

’’ہر احمدی اپنے لیے فرض کر لے کہ اس نے سال میں کم از کم ایک یا دو دفعہ ایک یا دو ہفتے تک اس کام کے لیے وقف کرنا ہے‘‘۔

(الفضل 31/اگست 2004ء)

مخالفین کے اعتراضوں کا جواب دینے کے لیے حضور نے ٹیمیں تشکیل دینے کی ہدایت فرمائی۔

(الفضل 21 جون 2005ء)

رسول اللہ ﷺ کے متعلق ناپاک کارٹونوں کا جواب دینے کے لیے حضور انور نے سیرت النبیؐ کے جلسوں اور خطوط اور مضامین لکھنے کی تحریک فرمائی۔

(الفضل 7/اپریل 2006ء)

اسی ضمن میں نوجوانوں کو صحافی بننے کی تحریک فرمائی۔ (الفضل 7/اپریل 2006ء)

انگریزی زبان دانوں کو قلمی جہاد میں شمولیت کی تحریک فرمائی۔ (الفضل 6/اگست 2003ء)

حضور انور نے میڈیا کے ساتھ ہر سطح پر روابط بڑھانے کی ہدایت فرمائی۔

(الفضل 22/اپریل 2014ء)

یورپ اور امریکہ میں وقتاً فوقتاً آزادی اظہار کے نام پر رسول کریم ﷺ کی اہانت کی ناپاک کوشش کی جاتی ہے۔ اس سلسلہ میں حضور انور نے متعدد اور تفصیلی خطبات دیئے اور جماعت کو لائحہ عمل

دوا تدبیر ہے اور دعا اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے

**ہماری مفید مجرب ادویات**

حب جدوار
تریاق جریان
معین حمل
حب ہمزاد
سونے چاندی کی گولیاں
شاہانی
شوگر کیپسول
اکسیر موٹاپا
عنبرین
جوہر حیات

| | | | |
|---|---|---|---|
| رفیق اطفال | اکسیر اولاد نرینہ کورس | حبوب مفید اٹھرا | تریاق معدہ |
| تریاق بواسیر | زدجام عشق خاص | شوگر کیپسول | قرص نور |
| راحت جان | | | رفیق دماغ |

اکسیر اطفال
بچوں کی چونڈی

**ناصر دواخانہ** رجسٹرڈ **گول بازار۔ ربوہ**

NASIR ناصر

PH:047-6211434,6212434



دیکھو خدا نے ایک جہاں کو جھکا دیا
گم نام پا کے شہرہ عالم بنا دیا
جو کچھ مری مراد تھی سب کچھ دکھا دیا
میں اک غریب تھا مجھے بے انتہا دیا

# نواب زرعی اینڈ ڈیری فارم

طالب دعا:
چوہدری رفیق احمد کاہلوں
چوہدری طٰہٰ احمد کاہلوں

چک نمبر 109 ر۔ب ورکشاپ
تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد



# احسان فارمز، بیدیاں روڈ، لاہور

# Free Range Chicken

فری رینج چکن

- دیسی طریقہ افزائش سے قریب تر
- ہارمونز اور دیگر انسانی صحت کیلئے نامناسب ادویات و کیمیکلز سے پاک
- مکئی، چاول، گندم، سرسوں وغیرہ اور چارہ جات جیسی قدرتی اجناس پر تیار کی جانے والی مرغی
- 120 دنوں کی قدرتی دورانیہ میں پرورش
- وٹامنز، پروٹین اور غذائیت سے بھرپور گوشت

سیل پوائنٹ: Q بلاک ماڈل مارکیٹ، DHA لاہور



Widezone INTERNATIONAL & Widezone INTERNATIONAL(Uk)LTD

IMPORTER, EXPORTER & MANUFACTURER
OF HIGH QUALITY KNITTED GARMENTS

UKAS QUALITY MANAGEMENT 006 — SGS — WRAP CERTIFIED FACTORY



C.E.O.
0321-6966696

SH. BASHIR-UD-DIN AHMED
0321-9660178

**U.K Address:**
Unit3, Lawrence House,
Cheetwood Road,
Manchester, M8 8AT
Tel:07729599594
Email:ahmad@widezone.com

P-94, Ashrafabad, Seheikhupura Road,
Near Muslim Commercial Bank,
Faisalabad-Pakistan.
Tel: +92-41-8786595, 8786596
Fax: +92-41-8786597
Cell: +92-321-6966696
E-mail: ahmad@widezone.com
Web: www.widezone.com

دیتے ہوئے فرمایا کہ:
سیرت النبیؐ کا کثرت سے مطالعہ کریں اور حضرت مصلح موعودؓ کی کتاب Life of Muhammad لائبریریوں میں رکھوائیں۔
(الفضل 27 نومبر 2012ء)

حضور انور نے تمام دنیا میں احمدیت کا مختصر ابتدائی پیغام پہنچانے کے لئے لیف لیٹس کی اشاعت اور تقسیم کی تحریک فرمائی چنانچہ کروڑوں کی تعداد میں یہ تقسیم کئے جاچکے ہیں۔

## نومبائعین سے رابطوں کی تحریک

فرمایا: ’’ہر بیعت کرنے والے کو 3 سال بعد جماعت کا فعال حصہ ہونا چاہئے‘‘۔
(الفضل 15 فروری 2006ء)

سابقہ بیعت کنندگان کو تلاش کر کے کم از کم 70 فیصد کو واپس لانے اور جماعت کے نظام کا حصہ بنانے کی تحریک فرمائی۔
(خلفائے احمدیت کی تحریکات صفحہ 513)

’’نئے احمدیت میں داخل ہونے والوں ...... سے پیار و محبت کا سلوک کریں‘‘۔
(الفضل 6 جنوری 2005ء)

’’انہیں مالی نظام میں شامل کریں‘‘۔
(الفضل 28 مارچ 2006ء)

## وقف نو کے لیے تحریک

فرمایا: ’’اب تک تو واقفین نو کی تعداد ہزاروں میں ہے لیکن جس طرح جماعت کی تعداد بڑھ رہی ہے اور جس طرح والدین کی اس طرف توجہ پیدا ہو رہی ہے انشاء اللہ لاکھوں کی تعداد ہو جائے گی اور پھر ظاہر ہے ہر ملک میں جامعہ احمدیہ کھولنا پڑے گا‘‘ (الفضل 7 دسمبر 2005ء)

حضور انور نے واقفین نو کی تربیت اور مختلف شعبہ جات میں ان کی ترقیات کے لیے تفصیلی خطبات دیئے اور فرمایا کہ ان کی تعداد کا ایک معقول حصہ جامعہ احمدیہ میں آنا چاہیے۔
(الفضل 10 جولائی 2013ء)

حضور انور نے واقفین کو زبانیں سیکھنے کے لئے خصوصی تحریک فرمائی۔ (الفضل 2 جولائی 2004ء)

## نظام وصیت میں شمولیت کی تحریک

نظام وصیت 1905ء سے جاری ہے۔ حضور انور نے یکم اگست 2004ء کو 2005ء تک ایک سال میں 15 ہزار نئی وصایا کرنے اور 2008ء تک ہر ملک اور ہر جماعت میں تمام کمانے والے افراد کے کم از کم 50 فیصد کے نظام وصیت میں شامل ہونے کی تحریک فرمائی۔ (الفضل 8 دسمبر 2005ء)

تمام عہدیداران کو شمولیت کی تحریک۔
(الفضل 15 ستمبر 2004ء)

ذیلی تنظیموں کو خاص مہم چلانے کی تحریک۔
(الفضل 25 مارچ 2005ء)

## عملی اصلاح کی تحریک

حضور انور نے 22 نومبر 2013ء سے خطبات کا ایک سلسلہ شروع کیا جن میں جماعت کو عملی اصلاح کی طرف خصوصیت سے متوجہ فرمایا۔

فرمایا: ’’عملی حالتوں کی درستی کے لیے بہت محنت اور مسلسل نظر رکھنے کی ضرورت ہے‘‘۔
(الفضل 25 فروری 2014ء)

اس مقصد کے لئے حضور انور نے قوت ارادی، قوت علمی اور قوت عملی بڑھانے پر زور دیا۔ نیز فرمایا کہ ایمان میں اضافے کے لیے حضرت مسیح موعودؑ کی تحریرات بابت تعلق باللہ اور نشانات اور معجزات کا کثرت سے ذکر کیا جائے۔

آپ نے ممبران مجلس مشاورت 2014ء کے نام پیغام میں فرمایا:

میرا یہ پیغام ہر عہدیدار تک پہنچا دیں اور خود بھی اس پر عمل کریں کہ ہم نے عملی اصلاح کی طرف ایک خاص جذبے اور شوق سے پہلے سے بڑھ کر قدم اٹھانا ہے۔ (الفضل 27 مارچ 2014ء)

حضور انور نے مربیان، امراء اور عہدیداران اور ممبران مجلس شوریٰ کو اس سلسلہ میں خصوصیت سے فعال کردار ادا کرنے کا ارشاد فرمایا۔

## خدمت خلق کی تحریکات

تمام احمدی ڈاکٹروں، اساتذہ اور وکیلوں اور تمام پیشہ وروں اور ہنرمندوں کو خدمت خلق کی تحریک۔ (الفضل 13 جنوری 2004ء)

ڈاکٹروں کو افریقہ میں وقف کی تحریک۔
(الفضل 7 اگست 2003ء)

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے لیے ڈاکٹروں کو تحریک۔ (الفضل 6 دسمبر 2005ء)

عیادت مریضاں کی تحریک، نیز ان کی امدادی تحریک۔
(خلفائے سلسلہ کی تحریکات صفحہ 549، 550)

احمدی انجینئرز اور آرکیٹیکٹس کو خدمت کی تحریک۔ (الفضل 30 جون 2004ء)

سونامی کے متاثرین کے لیے تحریک۔
(الفضل 10 مئی 2005ء)

یتامیٰ کی خدمت کی تحریک۔
(الفضل 19 نومبر 2004ء)

غریب بچیوں کی شادی کے لیے مریم شادی فنڈ میں حصہ لینے کی تحریک۔
(الفضل 6 دسمبر 2005ء)

بیوت الحمد سکیم میں شرکت کی تحریک۔
(خلفائے سلسلہ کی تحریکات صفحہ 561)

## تحریک جدید کے متعلق تحریکات

دفتر پنجم میں شمولیت کی تحریک۔
(الفضل 4 جنوری 2005ء)

دفتر اول کے کھاتے زندہ کرنے کی تحریک۔
(الفضل 4 جنوری 2005ء)

بچوں اور نومبائعین کو شمولیت کی تحریک۔
(الفضل 4 جنوری 2005ء)

مطالبات تحریک جدید پر عمل کرنے کی تحریک۔
(الفضل 12 دسمبر 2006ء)

مالی قربانی میں اضافہ کی تحریک۔
(الفضل 12 دسمبر 2006ء)

## وقف جدید کے متعلق تحریکات

شاملین بڑھانے کی تحریک۔
(الفضل 26 اپریل 2004ء)

دفتر اطفال میں اضافہ کی تحریک۔
(الفضل 6 مارچ 2007ء)

ایک کروڑ شاملین کی تحریک۔
(الفضل 26 اپریل 2005ء)

## اعلیٰ تعلیم کے حصول کی تحریکات

ہر احمدی بچے کو کم از کم ایف اے ضرور کرنا چاہئے۔

سیکرٹریان تعلیم کو فعال ہونے کی ہدایت۔
(الفضل 22 مارچ 2004ء)

کوئی بچہ مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم نہ چھوڑے۔ (الفضل 6 جولائی 2004ء)

امداد طلبہ کی تحریک۔
(خلفائے احمدیت کی تحریکات صفحہ 577)

سائنسی علوم کی طرف توجہ کرنے کی تحریک۔
(الفضل 6 جنوری 2007ء)

ریسرچ کی تحریک۔
(الفضل 6 جنوری 2007ء)

## عہدیداران کو نمونہ بننے کی تحریک

حضور انور نے متعدد خطبات میں تمام عہدیداران، مربیان اور امراء اور واقفین زندگی کو اعلیٰ نمونے قائم کرنے کی تحریک فرمائی۔ حضور انور نے فرمایا کہ احباب جماعت سے نرمی اور محبت کا سلوک کریں۔ ان کے دکھ درد بانٹیں اور ان کے لئے نیک نمونہ بن جائیں۔ اس سے جماعت میں بھی پاک تبدیلیاں پیدا ہوں گی۔

فرمایا: ’’وہ تمام افراد جنہیں عہدہ کی ذمہ داری سونپ کر ایک لحاظ سے امین ٹھہرایا گیا ہے انہیں لوگوں کے ساتھ شفقت، محبت اور احترام سے پیش آنا چاہیے۔ انہیں اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ ان کے دل نرم اور ممبران جماعت کی محبت سے پُر ہوں‘‘۔ (مجلس شوریٰ انگلستان سے خطاب)

## بچوں کو نماز پڑھنے اور سلام کی عادت کی تحریک

حضور انور نے 7 جون 2003ء کو لندن میں چلڈرن کلاس سے خطاب کرتے ہوئے ربوہ کے بچوں کے نام خصوصی پیغام میں فرمایا:

’’ربوہ کے ماحول کو ایسا بنا دیں کہ ہر طرف سے سلام سلام کی آوازیں آ رہی ہوں ...... بچوں کو چاہئے کہ اپنے بڑوں کو بھی توجہ دلائیں اور خود بھی خاص توجہ کریں اور (بیوت الذکر) میں زیادہ سے زیادہ جائیں اور (بیوت) کو آباد کریں‘‘۔
(الفضل 12 جون 2003ء)

## صفائی اور شجرکاری کے متعلق تحریکات

ربوہ اور قادیان کی صفائی کے لیے تحریک۔
(الفضل 20 جولائی 2004ء)

جماعتی عمارات کی صفائی کی تحریک۔
(الفضل 20 جولائی 2004ء)

صفائی کے لیے خدام کی ذمہ داری۔
(الفضل 6 جنوری 2007ء)

اطفال کو پودے سنبھالنے کی تحریک۔
(الفضل 10 جون 2003ء)

## بدرسوم اور لغویات ترک کرنے کی تحریک

فرمایا: ’’جہاں بھی ایسی رسمیں دیکھیں جن سے ہلکا سا بھی شائبہ شرک کا ہوتا ہو ان سے بچنے کی کوشش کرنی چاہئے‘‘۔ (الفضل یکم جون 2004ء)

ہمارے نوجوانوں کو چاہئے کہ کوشش کریں کہ سگریٹ نوشی ترک کریں۔
(الفضل یکم جون 2004ء)

’’ایسی حرکتیں جو جماعتی وقار کی اور (دینی) تعلیم کی دھجیاں اڑاتی ہوں اگر مجھے پتہ چل جائے تو ان پر میں بلا استثنا بغیر کسی لحاظ کے کارروائی کروں گا‘‘۔
(الفضل 28 فروری 2006ء)

ذیلی تنظیمیں اس بات کا جائزہ لیں اور ایسے جو بدعات پھیلانے والے ہیں اس کا سد باب کرنے کی کوشش کریں۔ (الفضل 30 دسمبر 2004ء)

’’ہمارے نوجوانوں کو چاہئے کہ کوشش کریں کہ سگریٹ نوشی ترک کریں‘‘۔
(الفضل یکم جون 2004ء)

## انٹرنیٹ کے مضر پہلوؤں سے بچنے کی تحریک

فرمایا: آجکل معاشرے میں عمومی طور پر برائیاں

★

نبوت کے ہاتھوں جو پودا لگا ہے
خلافت کے سائے میں پھولا پھلا ہے

★

یہ کرتی ہے اس باغ کی آبیاری
رہے گا خلافت کا فیضان جاری

★

ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے پیارے آقا کی صحت وسلامتی کیلئے دعا گو ہیں۔

منجانب: صدر لجنہ واراکین عاملہ ضلع نارووال

طالب دعا: نجمہ قدسیہ

فینسی شلوار سوٹ، فینسی فراک، نیو بورن بے بی آئیٹمز لیڈیز جینٹس اینڈ چلڈرن امپورٹڈ اینڈ ایکسپورٹ کوالٹی گارمنٹس، پینٹ شرٹ، پینٹ کوٹ شیروانی سکول یونیفارم، لیڈیز شلوار قمیص، ٹراوزر شرٹ

www.lasanigarments.com
twitter.com/lasanigarments
facebook:lasanigarments

لاثانی گارمنٹس

فضل عمر مارکیٹ بانو بازار اقصیٰ روڈ ربوہ

0305-4843800

047-6215508,0305,4843800,0333-9795470

خالص سونے کے زیورات کا مرکز

الفضل اینڈ کاشف جیولرز

گولبازار ربوہ
فون دکان:
047-6215747
رہائش: 047-6211649
میاں غلام مرتضیٰ محمود

نعمانی سیرپ

تیزابیت۔ خرابی ہاضمہ اور معدہ کی جلن کیلئے اکسیر ہے

ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
NASIR ناصر
PH:047-6212434

Deals in HRC,CRC,EG,P&O,Sheets &Coil

JK STEEL

6-D Madina Steel Sheet Market
Landa Bazar, Lahore

خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ

البشیر پیج جیولرز

میاں شاہد اسلام
+92 047 6214510
+92 333 6709546

یہاں پہ جرمن پوٹینسی دستیاب ہے

الرحمٰن ہومیوپیتھک سٹور

(احمدی بھائیوں کی اپنی دکان)

چنیوٹ بازار، فیصل آباد

ڈاکٹر فرحان احمد خان 0345 7693179
پروپرائیٹر: ناصر احمد سعید

قائم شدہ 1977ء

خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار شدہ سندرا بٹن، نفیس منجن، دانتوں کو صاف اور چمکدار بناتا ہے


اکسیر ہاضمہ

حب اٹھرا۔ دوائے اولاد نرینہ

گرتے بالوں کا تیل نیز یونانی جڑی بوٹیاں بھی دستیاب ہیں

الیاس دواخانہ

اقصیٰ چوک ربوہ: 047-6215762



AbdulHayee
CrescentBooks
&
UniformShop
ACompleteSchoolShop

2- Khan Market Near Hafiz Sweets Huma Block Main Road,
Allama Iqbal Town, Lahore. PH:0423-7802419, Cell:0333-4554837

دل کی اتھاہ گہرائیوں سے ہم اپنے پیارے آقا کی صحت وسلامتی والی لمبی زندگی کے لئے دعا گو ہیں۔

ہمارے ہاں 21K،22K،23K اور خالص سونے اور چاندی کے زیورات آرڈر پر تیار کروانے کے لئے تشریف لائیں۔

ایس اے کاسٹنگ سنٹر

پروپرائیٹر: ضیاء الدین
نیو صرافہ مارکیٹ بلاک نمبر 1 لاہور روڈ جڑانوالہ
فون: 041-4315507
0300-6535507 0334-6535507

بڑھ رہی ہیں۔ ٹی وی، انٹرنیٹ، فون کے تحریری پیغامات، ٹیکسٹ میسجز اور Facebook وغیرہ اور اسی قسم کی دوسری لغویات نے معاشرے کو لپیٹ میں لیا ہوا ہے اور اس خطرہ کو میں بار بار بیان کر کے ہوشیار کر رہا ہوں۔

(خط حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ)

جدید ایجادات سے فائدہ اٹھائیں۔
(الفضل 30 نومبر 2010ء)

انٹرنیٹ کے ذریعہ اعتراضات کا رد کریں۔
(الفضل 28 جون 2011ء)

فضول چیٹنگ سے بچیں۔
(الفضل 12 اکتوبر 2004ء)

بچوں کی نگرانی کریں۔
(الفضل 8 جون 2010ء)

## سیکیورٹی کا خیال رکھنے کی تحریک

حضور انور ہر سال جلسہ سالانہ کے موقع پر خصوصیت سے سیکیورٹی نظام کو بہتر بنانے کی تاکید فرماتے ہیں۔

2010ء میں لاہور میں احمدیہ بیوت الذکر پر حملے کے بعد حضور نے پاکستان میں سیکیورٹی نظام کو مؤثر بنانے کے لیے بھرپور ہدایات دی ہیں جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے دشمن اپنے ارادوں میں مسلسل ناکام ہو رہا ہے۔

## نور فاؤنڈیشن، طاہر فاؤنڈیشن

☆ حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے نام پر نور فاؤنڈیشن قائم فرمائی جس کا مقصد اہم کتب و حدیث کے اردو تراجم شائع کرنا ہے۔ اب تک صحیح مسلم مکمل شائع ہو چکی ہے۔

☆ جلسہ سالانہ یو کے 2003ء پر حضور نے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا لٹریچر شائع کرنے اور منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے طاہر فاؤنڈیشن کے قیام کا اعلان فرمایا جو اب تک حضور کے خطبات جمعہ، تقاریر قبل از خلافت و جلسہ سالانہ کی متعدد جلدیں شائع کر چکی ہے۔

☆ اسی طرح حضور نے فضل عمر فاؤنڈیشن کو حضرت مصلح موعود کی کتب کے انگریزی تراجم کرنے کی ہدایت فرمائی اور انگلش ڈیسک قائم فرمایا۔ (الفضل 11 مارچ 2014ء)

## دعاؤں کی تحریکات

دعا ہماری تمام تدابیر کا شہتیر ہے اس لئے حضور انور مسلسل دعاؤں کی تحریک کرتے رہتے ہیں۔ چند خاص تحریکات کا ذکر درج ذیل ہے۔

حضور نے خلافت جوبلی کے لئے 27 مئی 2005ء کو دعاؤں کے ایک عظیم منصوبے کا اعلان کیا جس کی تفصیل یہ ہے:

☆ سورۃ الفاتحہ۔

(روزانہ کم از کم سات مرتبہ پڑھیں)

☆ ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم پر صبر نازل کر اور ہمارے قدموں کو ثبات بخش اور کافر قوم کے خلاف ہماری مدد کر۔ (2:251)

(روزانہ کم از کم 11 مرتبہ پڑھیں)

☆ ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ ہونے دے بعد اس کے کہ تو ہمیں ہدایت دے چکا ہو اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر۔ یقیناً تو ہی ہے جو بہت عطا کرنے والا ہے۔ (3:9)

(روزانہ کم از کم 33 مرتبہ پڑھیں)

☆ ترجمہ: اے اللہ ہم تجھے ان (دشمنوں) کے سینوں میں کرتے ہیں (یعنی تیرا رعب ان کے سینوں میں بھر جائے) اور ہم ان کے شر سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔ (روزانہ کم از کم 11 مرتبہ پڑھیں)

☆ ترجمہ: میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے جو میرا رب ہے ہر گناہ سے اور میں جھکتا ہوں اس کی طرف۔ (روزانہ کم از کم 33 مرتبہ پڑھیں)

☆ ترجمہ: اللہ تعالیٰ پاک ہے اپنی حمد کے ساتھ اللہ پاک ہے اور بہت عظمت والا ہے۔ اے اللہ رحمتیں بھیج محمدؐ اور آپؐ کی آل پر۔

(روزانہ کم از کم 33 مرتبہ پڑھیں)

☆ مکمل درود شریف۔

(روزانہ کم از کم 33 مرتبہ پڑھیں)

نیز ہر ماہ ایک نفلی روزہ رکھا جائے جس کے لیے ہر قصبہ، شہر یا محلّہ میں آخری ہفتہ میں کوئی ایک دن مقامی طور پر مقرر کیا جائے۔

دو نفل روزانہ ادا کیے جائیں جو نماز عشاء کے بعد سے لے کر فجر سے پہلے تک یا نماز ظہر کے بعد ادا کیے جائیں۔ (الفضل 5 جولائی 2005ء)

30 مئی 2014ء کے خطبہ جمعہ میں حضور نے فرمایا کہ خلافت جوبلی کی دعاؤں کو مستقل طور پر جاری رکھا جائے۔

اس کے علاوہ حضور مندرجہ ذیل امور کے بارہ میں متعدد بار دعا کی تحریک فرما چکے ہیں۔

☆ تمام احمدیوں کی حفاظت اور دشمن کے شر سے بچنے کے لیے۔

☆ (راہ مولیٰ میں قربان ہونے والوں)، اسیران اور ان کے خاندانوں کے لیے۔

☆ دشمن پر خدا تعالیٰ گرفت کرے اور بد اعمال سے روک دے۔

☆ عالم اسلام کے لیے عموماً اور شام، عراق وغیرہ کے لیے خصوصاً۔

## مزید دعاؤں کی تحریک

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 8 مارچ 2013ء میں احباب جماعت کو درج ذیل دعائیں پڑھنے کی تحریک فرمائی ہے:

☆ ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی حسنہ عطا کر اور آخرت میں بھی حسنہ عطا کر اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔ (البقرہ:202)

☆ ترجمہ: اے ہمارے رب! ہمارا مواخذہ نہ کر اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے کوئی خطا ہو جائے اور اے ہمارے رب! ہم پر ایسا بوجھ نہ ڈال جیسا ہم سے پہلے لوگوں پر (ان کے گناہوں کے نتیجہ میں) تو نے ڈالا اور اے ہمارے رب! ہم پر کوئی ایسا بوجھ نہ ڈال جو ہماری طاقت سے بڑھ کر ہو اور ہم سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر۔ تو ہی ہمارا والی ہے۔ پس ہمیں کافر قوم کے مقابل پر نصرت عطا کر۔ (البقرہ:287)

☆ ترجمہ: اے میرے خدا! ہر ایک چیز تیری خادم ہے۔ اے میرے خدا! شریر کی شرارت سے مجھے نگہ رکھ اور میری مدد کر اور مجھ پر رحم کر۔

30 مئی 2014ء کو حضور نے ایک دعا کا اضافہ کیا۔

اے میرے رب میری دعا کو سن اور اپنے اور میرے دشمنوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے اور اپنا وعدہ پورا فرما اور اپنے بندے کی مدد فرما اور ہمیں اپنے وعدوں کے دن دکھا اور اپنی تلوار ہمارے لئے سونت لے اور شریر کافروں میں کسی کو باقی نہ چھوڑ۔

الغرض یہ بابرکت تحریکات جماعت کو بلند پروازی پر مائل کر رہی ہیں۔ یہ دین کمانے والے نئے ہاتھ ہیں۔ یہ کشتی کو تیز کرنے والے چپّو ہیں۔ یہ اونچا اڑانے والی تیز ہوائیں ہیں۔ یہ سونے والوں کو جگانے، بیٹھنے والوں کو کھڑا کرنے، کھڑے رہنے والوں کو چلانے، چلنے والوں کو تیز چلنے اور تیز قدموں کو دوڑانے کے لیے صور اسرافیل ہیں۔ یہ طاقت کے انجیکشن اور مومنوں کے لیے سرور آور جام ہیں۔ دل ان کی لذت سے اچھلتے ہیں اور دماغ سرشار ہوتے ہیں۔

ہر احمدی جوان پر عمل کرتا ہے نئی زندگی پاتا ہے اور ہر جماعت جو ان پر کاربند ہوتی ہے نئی حیات سے ہمکنار ہوتی ہے۔ اگر ساری جماعت اصل روح کے ساتھ ان پر مداومت اختیار کر لے تو تاریکیاں جلد ہی چھٹ جائیں گی اور روشنی سے یہ کائنات بھر جائے گی۔ اللہ کرے کہ جلد ایسا ہو۔ (آمین)

## خلافت کی امانت

سیدنا حضرت مصلح موعود نے سفر یورپ 1955ء کے دوران جماعت کے نام ایک خط میں لکھا۔

’’ہر انسان جو پیدا ہوا ہے اس نے مرنا ہے ان گھڑیوں میں جب میں محسوس کرتا تھا کہ میرا دل ڈوبا کہ ڈوبا مجھے یہ غم نہیں تھا کہ میں اس دنیا کو چھوڑ رہا ہوں۔ مجھے یہ غم تھا کہ میں آپ لوگوں کو چھوڑ رہا ہوں اور مجھے یہ نظر آ رہا تھا کہ ابھی ہماری جماعت میں وہ آدمی نہیں پیدا ہوا جو آپ کی نگرانی ایک باپ کی شکل میں کرے۔ میرا دماغ بوجھ نہیں برداشت کر سکتا تھا مگر اس وقت میں برابر یہ دعا کرتا رہا کہ اے میرے خدا جو میرا حقیقی باپ اور آسمانی باپ ہے مجھے اپنے بچوں کی فکر نہیں کہ وہ یتیم رہ جائیں گے۔ مجھے اس کی فکر ہے کہ وہ جماعت جو سینکڑوں سال کے بعد تیرے مامور نے بنائی تھی وہ یتیم رہ جائے گی اگر تو مجھے یہ تسلی دلا دے کہ ان کے یتیم کا میں انتظام کر دوں گا تو پھر میری یہ تکلیف کی گھڑیاں سہل ہو جائیں مگر تو مجھ سے یہ کس طرح امید کر سکتا ہے کہ یہ لاکھوں روحانی بچے جو تو نے مجھے دیئے ہیں جن کے دشمن چپے چپے پر دنیا میں موجود ہیں اور جن کو ختم کرنے کے لئے ہر وقت شیطانی نیزے اُٹھ رہے ہیں جب میرے بعد ان نیزوں کو اپنی چھاتی پر کھانے والا کوئی نہیں رہے گا تو تو ہی بتا کہ میں اس بات کو کس طرح برداشت کر لوں۔ مجھے موت کا ڈر نہیں مجھے ان لوگوں کے یتیم ہو جانے کا ڈر ہے جنہوں نے تیرے نام کو روشن کرنے کیلئے پچاس سال متواتر قربانیاں کیں ان کے پاس کچھ بھی نہیں تھا دنیا نے ان کو کمائی سے محروم کر دیا تھا۔ پھر بھی وہ ہر اس آواز پر آگے بڑھے جو تیرے نام کے روشن کرنے کے لئے میں نے اٹھائی تھی۔ اب اے میرے وفادار آقا! میں تجھے تیری ہی وفاداری کی قسم دیتا ہوں۔ ان کمزوروں نے اپنی کمزوریوں کے باوجود تجھ سے وفاداری کی۔ تو طاقتور ہوتے ہوئے ان سے بے وفائی نہ کیجیو کہ یہ بات تیری شان کے شایاں نہیں اور تیری پاکیزہ صفات کے مطابق نہیں۔ میں ان لوگوں کو تیری امانت میں دیتا ہوں۔ اے سب امینوں سے بڑے امین، اس امانت میں خیانت نہ کیجیو اور اس امانت کو پوری وفاداری کے ساتھ سنبھال کر رکھیئو۔

ڈاکٹر مجھے کہتے ہیں فکر مت کرو۔ لیکن میں اس امانت کا فکر کس طرح نہ کروں جسے میں نے پچاس سال سے زیادہ عرصہ تک اپنے سینہ میں چھپائے رکھا اور ہر عزیز ترین شے سے زیادہ عزیز سمجھا۔

اے میرے عزیزو! تم سے کوتاہیاں بھی صادر ہوئیں تم سے قصور بھی ہوئے مگر میں نے یہ دیکھا کہ ہمیشہ ہی خدا تعالیٰ کی آواز پر تم نے لبیک کہا تم موت کی وادیوں میں سے گزر کر بھی خدا تعالیٰ کی طرف دوڑتے رہے ہو۔ مجھے یقین ہے کہ خدا تعالیٰ تمہیں نہیں چھوڑے گا خدا تمہیں بے کسی اور بے بسی کی موت نہیں دے گا‘‘۔

(الفضل 22 مارچ 1955ء)

## اشفاق سائیکل اینڈ موٹر سائیکل سپیئر پارٹس سٹور

ہمارے پاس ہر قسم کے سائیکل کی ورائٹی موجود ہے۔اینڈ موٹر سائیکل سپیئر پارٹس

Tel:047-6213652
Mob: 0331-9775913

## مرحبا بیٹری سنٹر

Exide, Millet, Osaka, Volta
Phoenix, Fujika, AGS

دیسی بیٹریاں 6 ماہ کی گارنٹی کے ساتھ تیار کی جاتی ہیں۔

طالب دعا: حفیظ احمد، عابد محمود
0333-6704603,0333-6710869
ریلوے روڈ ربوہ

تمام بینکوں سے لیزنگ کی سہولت بھی موجود ہے۔ ہر قسم کی نئی گاڑیاں کیش اور لیزنگ پر دستیاب ہیں۔

## لطیف موٹرز

قائم شدہ
1968ء



HYUNDAI

22 کوئینز روڈ لاہور

فیکس: 042-36368962
فون آفس: 042-36368961-36371281-36374548
Email:latifmotors@yahoo.com
طالب دعا: عامر لطیف ابن میاں عبداللطیف

اعلیٰ کوالٹی ہمارا معیار۔لذیذ مٹھائیوں کا مرکز
صبح کا ناشتہ حلوہ پوری بھی دستیاب ہے

گاجر حلوہ سپیشل
شادی بیاہ اور تقریبات کیلئے ہماری خدمات حاصل کریں

## محمود سویٹ شاپ
اقصیٰ روڈ ربوہ

طالب دعا: ریاض احمد۔اعجاز احمد
فون شوروم: 0333-6704524

## AHMAD MONEY CHANGER

PREMIER
Exchange Co.("B" PVT. LTD.

We Deal in All Foreign Currencies
You are always Wel come to:

PREMIER EXCHANGE CO. 'B' PVT. LTD
State Bank Licence No.11

Director Ch. Aftab Ahmad ,Chief Executive: Basharat Ahmad Sheikh
Head Office: B-1 Raheem Complex, Main Market, Gulberg II Lahore
Tell: 35757230, 35713728, 35713421,35750480
E-mail:premier_exchange@yahoo.com Website: www.premierexchange.webs.com

ہر قسم کے جائن اور گیس کٹ تھوک و پرچون ریٹس پر دستیاب ہیں

## پرنس جین ہاؤس
جنرل بس سٹینڈ اوکاڑہ

طالب دعا: شیخ انوار احمد
044-2524648
0300-6951062
0312-6951062

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا

## الرفیع بینکویٹ ہال
فیکٹری ایریا اسلام

بکنگ جاری ہے

رشید برادرز ٹینٹ سروس گولبازار ربوہ

رابطہ 0300-4966814,0300-7713128:
0476211584,0332-7713128

## الفضل روم کولر اینڈ گیزر

عام گیزر، الیکٹرک اینڈ گیس گیزر، فین کولر، بلور کولر، عام کولر، ہائی پریشر گیزر انسٹا گیزر اور ہر قسم کے پنکھے دستیاب ہیں۔

طالب دعا: ناصر احمد: 0300-4026760
فیکٹری 265-16-B1 کالج روڈ نزد اکبر چوک ٹاؤن شپ لاہور
042-35118096,042-35114822:

## ربوہ سینٹری اینڈ آئرن سٹور

سامان سینٹری، پائپ، واٹر موٹر پمپ، واٹر ٹینک وغیرہ کی نت نئی ورائٹی بازار سے بارعایت دستیاب ہے۔ نیز پلمبر کی سہولت موجود ہے۔ مچھر مار سپرے کی سہولت میسر ہے

کالج روڈ ربوہ: 0322-6093523
سلطان احمد شہزاد: 0334-9635930

پلاسٹک، سٹیل، ایلومینیم، چینی، پتھر، شیشہ اور نان اسٹک کی تمام امپورٹڈ و لوکل ورائٹی دستیاب ہے۔

## رفیع کراکری سٹور

نیز لوز، ملامین آرڈر پر تیار کی جاتی ہیں۔
گلی ڈپٹی باغ بالمقابل جامع مسجد اہلحدیث سیالکوٹ شہر

052-4583892
0321-6147625

پروپرائٹرز: رفیع احمد، فصیح احمد

ہر قسم کا معیاری اور عمدہ فرنیچر آرڈر پر گارنٹی کے ساتھ تیار کیا جاتا ہے

## چونڈہ فرنیچر ہاؤس
گوجرانوالہ روڈ چک چٹھہ ضلع حافظ آباد

طالب دعا: افتخار الدین قمر اینڈ سنز ابن اصلاح الدین
0342-6591979 054-7521794
امتیاز الدین: 0346-6521794

فیصل آباد میں آپ کی اپنی دکان

## عزیز کلاتھ و شال ہاؤس

لیڈیز و جینٹس سوٹنگ لہنگا، فراک نیز شادی بیاہ کی فینسی و کامدار ورائٹی پاکستان و امپورٹڈ شالیں، سکارف جرسی سویٹر، تولیہ بنیان و جراب کی مکمل ورائٹی کا مرکز

کارزبھوانہ بازار۔چوک گھنٹہ گھر۔فیصل آباد
041-2604424,0333-6593422
0300-9651583

## راشد شال ہاؤس

لیڈیز اینڈ جینٹس۔گرم شال سردیوں اور گرمیوں کی شال کی مکمل ورائٹی گرم چادریں، مردانہ پیور وول، سواتی دھسہ لیڈیز اور جینٹس شال کی مکمل ورائٹی ہول سیل ریٹ پر

مراد مارکیٹ دکان نمبر 13،12 ریل بازار فیصل آباد
0300-6601599

خلیفہ کے لبوں سے جو گل و جوہر بکھرتے ہیں
بڑے انمول موتی ہیں، یہ دولت ہم سنبھالیں گے

ہم پیارے آقا کی صحت وسلامتی اور
درازی عمر کے لئے دعا گو ہیں

طالب دعا:

صدر جماعت واراکین مجلس عاملہ واحباب
276 ر۔ب گوکھووال ضلع فیصل آباد



ترا ہر بول شیریں ہے ترا ہر لفظ خوشبو ہے
ملائک وجد کرتے ہیں ترے حسن خطابت پر

ہم پیارے حضور کی صحت وسلامتی
اور درازی عمر کیلئے دعا گو ہیں۔
اطاعت خلافت میں ہی ہماری بقا ہے۔
اللہ تعالیٰ ہمیں آپ کی مکمل اطاعت کی توفیق بخشے۔ (آمین)

منجانب:
پروفیسر عبدالباسط امیر ضلع واراکین عاملہ ضلع
ڈیرہ غازی خان



ہم پیارے آقا کی صحت وسلامتی
اور
درازی عمر کے لئے دعا گو ہیں۔

BETA®
PIPES

042-5880151-5757238



SERVICE LIKE NEVER BEFORE
HOOVERS WORLD WIDE EXPRESS

کورئیر اینڈ کارگو سروس


لاہور کے بعد اب راولپنڈی، اسلام آباد اور مضافات میں بھی سروس کا آغاز

UK، جرمنی، یورپ، امریکہ، کینیڈا اور پوری دنیا میں کہیں بھی سامان وکاغذات بھجوانے کے لئے رابطہ کریں۔ آپ کی ایک فون کال پر پک کی سہولت فراہم کی جائے گی۔


جلسہ اور عیدین کے موقع پر خصوصی رعایتی پیکیجز

بلال احمد انصاری
0423-7428400
0321-4866677,0333-6708024
(ان نمبرز کے علاوہ کسی نمبر پر رابطہ کیا گیا تو کمپنی ذمہ دار نہ ہوگی)
لاہور آفس ایڈریس:۔ دکان نمبر PMA,24-25
ٹریڈ سنٹر بالمقابل کیمپ جیل فیروزپور روڈ لاہور


The Vision of Tomorrow
New Haven
Public School
Multan
Tel:061-6779794,061-6563536


یہ اس کا فضل و احساں ہے یہ اس کی مہربانی ہے
یہ خاص الخاص رحمت ہے جو اس نے کی جماعت پر
ہم دل کی گہرائیوں سے
اپنے پیارے امام کو جماعت
کی ترقیات کی
مبارکباد پیش کرتے ہیں۔
خاکسار
امیر ضلع وممبران عاملہ ضلع سانگھڑ


اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا
میں خاک تھا اس نے ثریا بنا دیا
PSO
Pakistan State Oil
PSO کا بااعتماد ڈیلر
الفضل
فلنگ اسٹیشن
چوہدری نعیم خالد 0300-7929616
بہاول نگر بائی پاس Off: 0632014663


محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں
نیو سٹی
ہاؤسنگ سکیم
بہاولنگر
پروپرائیٹر:
چوہدری نعیم خالد :0300-7929616
چوہدری ساجد حمید :0334-9959082

### بقیہ از صفحہ 3: خلافت احمدیہ کی تاریخ

کی وفات کے بعد خلیفۃ المسیح الثالث کا انتخاب ہوا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آئندہ نئے خلیفہ کے انتخاب کے لئے ایک مجلس مقرر فرما دی تھی جو ''مجلس انتخاب خلافت'' کے نام سے موسوم ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی وفات کے بعد اس مجلس کا اجلاس 8 نومبر کو بعد نماز عشاء بیت مبارک میں زیر صدارت حضرت مرزا عزیز احمد صاحب ناظر اعلیٰ منعقد ہوا جس میں حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب کو آئندہ کے لئے خلیفہ منتخب کیا گیا اراکین مجلس نے اس وقت آپ کی بیعت کی۔ اس کے بعد انتخاب کا اعلان ہوا اور اندازاً 5 ہزار افراد نے اسی دن آپ کی بیعت کی اور پھر بیرونی جماعتوں نے تاروں اور خطوط کے ذریعہ اقرارِ اطاعت کیا۔ خلافت ثالثہ کے انتخاب کے وقت کسی قسم کا اختلاف نہیں ہوا اور ساری جماعت نے قدرت ثانیہ کے تیسرے مظہر کو اپنا خلیفہ تسلیم کر لیا۔ آپ کا دور خلافت کامیابیوں کا دور ہے۔ آپ کا انتقال 8 اور 9 جون 1982ء کی درمیانی شب کو دل کا شدید دورہ پڑنے سے ہوا۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں آپ کی تدفین ہوئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی تدفین سے پہلے حضرت مصلح موعود کی مقرر کردہ مجلس انتخاب خلافت کا اجلاس بعد نماز ظہر بیت مبارک میں زیر صدارت حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد منعقد ہوا اور حضرت مرزا طاہر احمد صاحب کو خلیفۃ المسیح الرابع منتخب کر لیا گیا۔ تمام حاضرین مجلس نے انتخاب کے فوراً بعد آپ کی بیعت کی۔ اس کے بعد تمام احمدیوں نے آپ کی اطاعت کا اقرار کیا۔ آپ کا عہدہ خلافت کامیابیوں اور کامرانیوں کی ایک طویل داستان سے مزین ہے۔ آپ 10 جون 1982ء سے 19 اپریل 2003ء تک مسند خلافت پر فائز رہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا انتقال پُرملال 19 اپریل 2003ء کو لندن میں ہوا۔ آپ کی وفات کے بعد مجلس انتخاب خلافت کا اجلاس بیت الفضل لندن میں منعقد ہوا۔ صدارت کے فرائض چوہدری حمید اللہ صاحب نے ادا کئے۔ دعاؤں کے ساتھ مجلس کی کارروائی شروع ہوئی۔ مجلس نے حضرت مرزا مسرور احمد صاحب کو خلیفۃ المسیح الخامس منتخب کیا اور آپ کی خلافت کا اعلان کیا۔ مجلس کے ارکان اور دوسرے حاضرین نے آپ کی بیعت کی اور ساری دنیا کی جماعتوں نے آپ کی خلافت کو تسلیم کر لیا۔ جماعت آپ کے زیر سایہ دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہی ہے۔

27 مئی 2005ء کو خطبہ جمعہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

''آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ کی تاریخ کا وہ دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے محض اور محض اپنے فضل سے حضرت مسیح موعود کی جماعت میں شامل لوگوں کی، آپ کی وفات کے بعد، خوف کی حالت کو امن میں بدلا اور اپنے وعدوں کے مطابق جماعت احمدیہ کو تمکنت عطا فرمائی یعنی اس شان اور مضبوطی کو قائم رکھا جو پہلے تھی اور اللہ تعالیٰ نے اپنے فعلی شہادت سے یہ ثابت کر دیا کہ حضرت مسیح موعود اللہ تعالیٰ کے فرستادہ ...... تھے اور ...... آپ کا سلسلہ خلافت تا قیامت جاری رہنا تھا۔

پس آج 97 سال گزرنے کے بعد جماعت احمدیہ کا ہر بچہ، جوان، بوڑھا، مرد اور عورت اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی اس بارے میں فعلی شہادت گزشتہ 97 سال سے پوری ہوتی دیکھی ہے اور دیکھ رہا ہوں۔ اور نہ صرف احمدی بلکہ غیر از جماعت بھی اس بات کو تسلیم کرتے ہیں۔ گزشتہ مثالیں تو بہت ساری ہیں حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد، پھر حضرت خلیفہ اول کی وفات کے بعد، پھر حضرت مصلح موعود کی وفات کے بعد۔ لیکن جیسے کہ میں پہلے بھی ایک دفعہ بتا چکا ہوں کہ خلافت خامسہ کے انتخاب کی کارروائی دیکھ کر، جو ایم ٹی اے پر دکھائی گئی تھی۔ مخالفین نے یہ اعتراف کیا کہ تمہارے سچے ہونے کا تو ہمیں پتہ نہیں لیکن یہ بہرحال پتہ لگ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی فعلی شہادت تمہارے ساتھ ہے۔ تو بہرحال یہ اللہ تعالیٰ کا جماعت احمدیہ پر بہت بڑا احسان ہے اور اس کی نعمت ہے جس کا جتنا بھی شکر ادا کریں کم ہے اور یہ شکر ہی ہے جو اس نعمت کو مزید بڑھاتا چلا جائے گا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ...... یعنی اگر تم شکر گزار بنے رہو تو میں اور بھی زیادہ دوں گا۔ اس نعمت کے جو افضال ہیں ان میں سے میں تمہیں بھرتا چلا جاؤں گا۔''

(الفضل 24 مئی 2006ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے خلیفہ منتخب ہونے کے اگلے دن بعد نماز فجر بیت مبارک میں خطاب فرمایا:

''خدا تعالیٰ قیادت کا انتقال ایک کندھے سے دوسرے کندھے کی طرف اس لئے نہیں کرتا کہ اس کا ایک بندہ بوڑھا اور کمزور ہو گیا۔ اور وہ اس کو طاقتور اور جوان رکھنے پر قادر نہیں کیونکہ ہمارا پیارا مولیٰ ہر چیز پر قادر ہے بلکہ وہ اس لئے ایسا کرتا ہے کہ وہ دنیا پر ثابت کرنا چاہتا ہے کہ ہر نگاہ میری طرف ہی اٹھنی چاہئے۔ بندہ بڑا ہو یا چھوٹا آخر بندہ ہی ہے تمام فیوض کا منبع اور تمام برکات کا حقیقی سرچشمہ میری ہی ذات ہے توحید کا یہ سبق دلوں میں بٹھانے کے لئے وہ اپنے ایک بندہ کو اپنے پاس بلا لیتا ہے اور ایک دوسرے بندہ کو جو دنیا کی نگاہوں میں انتہاء طور پر کمزور اور ذلیل اور نااہل ہوتا ہے کہتا ہے اٹھ اور میرا کام سنبھال۔ اپنی کمزوریوں کی طرف نہ دیکھ۔ اپنی کم علمی اور جہالت کو نظرانداز کر دے۔ ہاں میری طرف دیکھو کہ میں تمام طاقتوں کا مالک ہوں۔ میرے سے ہی امید رکھ اور مجھ پر ہی توکل کر کہ تمام علوم کے سوتے مجھ سے پھوٹتے ہیں۔ میں وہ ہوں جس نے تیرے آقا کو ایک ہی رات میں چالیس ہزار کے قریب عربی مصدر سکھا دیئے اور میری طاقتوں میں کوئی کمی نہ آئی تھی۔ میں وہ ہوں جس نے نہایت نازک حالت میں (دین حق) کو اٹھایا تھا اور جب انسان نے تلوار سے اسے مٹانا چاہا تو میں اس تلوار اور (دین حق) کے درمیان حائل ہو گیا۔ اس وقت دنیا کی بڑی بڑی طاقتیں موجود تھیں۔ لیکن دنیا کی کوئی طاقت خواہ کتنی ہی بڑی تھی۔ (دین حق) کو نہ مٹا سکی۔ ہمارا رب کہتا ہے کہ آج میں نے پھر فیصلہ کیا ہے کہ میں دنیا میں (دین حق) کو غالب کروں گا اور (دین حق) دنیا میں غالب ہو کر رہے گا اور ان کمزور ہاتھوں کے ذریعہ سے غالب ہو کر رہے گا۔ ہم اپنی کمزوریوں کو کیا دیکھیں۔ ہماری نظر تو اس ہاتھ پر ہے جو ہمیں اپنے کمزور ہاتھوں کے پیچھے جنبش کرتا ہوا نظر آتا ہے ہم اپنی کم طاقتی کا خیال کیوں کریں۔ جبکہ ہمارا توکل تو اس طاقت پر ہے جس نے دنیا کی ہر چیز کو اپنے اندر سمیٹا ہوا ہے اور احاطہ کیا ہوا ہے۔

(خطاب 9 نومبر 1965ء بحوالہ الفضل 3 دسمبر 1965ء)

پس اے احمدیت کے جاں نثارو! اے خلافت احمدیہ کے پروانو! آج وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنے سارے عہد و پیمان واقعی سچ کر دکھائیں۔ ہمارے اسلاف نے جو نمونے دکھائے ان کو پھر تازہ کریں کہ ہم بھی تو اطاعت اور وفا کے دعووں میں ان سے پیچھے نہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

☆......☆......☆......☆

## دوسری قدرت

(حضور انور کے روح پرور خطبہ جمعہ فرمودہ 29 مئی 2015ء کے حوالہ سے)

ہمیشہ نفس کو اپنے کھنگال کر رکھنا
جو آئے وسوسہ اس کو نکال کر رکھنا

جو آسمان سے اُتری تھی دوسری قدرت
یہ اک عظیم ہے نعمت سنبھال کر رکھنا

یہ ایک نورِ خدا ہے اسی سے فیض لئے
تمام زیست کو تم مالا مال کر رکھنا

مرے عزیزو، بزرگو اور بھائیو، بہنو!
دلوں میں جذبۂ طاعت کو پال کر رکھنا

اٹھائے سر شرِ شیطان تو یہ یاد رہے
کُچلنا اور اسے پائمال کر رکھنا

بقاء اسی میں ہے مضمر ہماری نسلوں کی
وفا کے دیپ ہمیشہ اجال کر رکھنا

اب عافیت کا یہی ایک ہے حصار ظفؔر
ہر ایک خطرہ میں اس کو ہی ڈھال کر رکھنا

مبارك احمد ظفر

★

زہے قسمت ہمارے سر پہ سایہ ہے امامت کا
ہمیں وہ لوگ ہیں جن کا یقیں پختہ خلافت پر

★

ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اپنے آقا کی صحت و سلامتی والی لمبی اور فعال زندگی کیلئے دعا گو ہیں۔

★

دعا گو: ڈاکٹر عرفان اللہ خان
امیر ضلع نارووال
وارا کین عاملہ ضلع نارووال

★

بشارت دی مسیحائے زماں نے الوصیت میں
عزیز و غم نہ کرنا تم مری دنیا سے رخصت پر

★

مرا جانا ہی لازم ہے مگر غمگین مت ہونا
خدا تم کو سکینت دے کے لائے گا خلافت پر

ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اپنے آقا کی صحت و سلامتی والی لمبی اور فعال زندگی کیلئے دعا گو ہیں۔

طالب دعا:
امیر شہر وارا کین عاملہ شہر
ضلع شیخوپورہ


حسن نکھار کریم
چہرہ کی حفاظت اور نکھار کیلئے
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گول بازار۔ ربوہ
PH:047-6211434,6212434

عباس شوز اینڈ کھسہ ہاؤس
لیڈیز، بچگانہ، مردانہ کھسوں کی ورائٹی نیز لیڈیز کولا پوری چپل اور مردانہ پشاوری چپل دستیاب ہے۔
اقصیٰ چوک ربوہ: 0334-6202486

اکسیر بواسیر
خونی بواسیر کی مفید مجرب دوا
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گول بازار۔ ربوہ
PH:047-6211434,6212434


خالص سونے کے زیورات
Ph:6212868
Res:6212867
Mob: 0333-6706870
میاں اظہر
میاں مظہر احمد
فینسی جیولرز
محسن مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ

قائم شدہ 1952ء
خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ
خالص سونے کے اعلیٰ زیورات کا مرکز
SHARIF
JEWELLERS
SINCE 1952
Aqsa Road Rabwah
0092476212515
15 London Rd, Morden SM4 5BQ
00442036094712

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا
انٹرنیشنل موٹرز لاہور
تمام جاپانی گاڑیوں کے پرزہ جات دستیاب ہیں

طیب احمد
First Flight COURIERS (Regd.)
انٹرنیشنل کوریئر اینڈ کارگو سروس کی جانب سے ریٹس میں حیرت انگیز حد تک کمی دنیا بھر میں سامان بھجوانے کیلئے رابطہ کریں
جلسوں اور عیدین کے موقع پر خصوصی رعایتی پیکجز
72 گھنٹے میں ڈیلیوری تیز ترین سروس کم ترین ریٹ پک اَپ کی سہولت موجود ہے
DHL Service provider
الریاض نرسری ڈی بلاک فیصل ٹاؤن مین پیکو روڈ لاہور پاکستان
0321-4738874
0092-4235167717,35175887

کراچی اور سنگاپور کے K-21 اور K-22 کے فینسی زیورات کا مرکز
العمران جیولرز
الطاف مارکیٹ بازار کاٹھیاں والا سیالکوٹ


طالب دعا:۔ عمران مقصود
فون شوروم: 052-4594674 موبائل: 0321-6141146

ربوہ میں واحد منظور شدہ رجسٹرڈ یورپی کمپنی۔ جس کی رسید ہی اُس کا (TRACKING) ٹریکنگ نمبر ہے
SKY NET
WORLDWIDE EXPRESS
آسٹریلیا، امریکہ، کینیڈا، UK، جرمنی اور دیگر یورپی ممالک کے لئے گلوبل کارگو سروس پر Booking کروائیں اور فائدہ اٹھائیں
آپ کے اہم کاغذات و چھوٹے بڑے پارسل کی ترسیل کم ریٹ بہترین سروس
سکائی نٹ آفس اقصیٰ چوک مسرور پلازہ ربوہ
0334-6365127, 0476215744

مکرم عبدالعزیز ڈوگر صاحب

# برکات خلافت اور خلفاء کی دعاؤں کے معجزات

خدا تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ خاکسار کو جماعت احمدیہ کے چار خلفاء کی خدمت کرنے اور ان کی دعاؤں سے مستفید ہونے اور خلافت کی بیشمار برکات سے فیض یاب ہونے کی توفیق ملی۔ اپنی زندگی میں بے انتہاء مواقع پر ذاتی طور پر خلافت کے تعلق میں اس عاجز نے دعاؤں کی قبولیت کے بے شمار نظارے دیکھے۔ ان میں سے چند ایک واقعات بیان کرتا ہوں۔

یہ اس دور کی بات ہے جب حضرت مصلح موعود کافی بیمار تھے اور انہی دنوں سندھ میں جماعت کی زمینوں میں کپاس اور پھل کی فصل کا سودا وہاں ایک تاجر سے کیا ہوا تھا۔ جو ایک بڑی رقم لے کر فرار ہو گیا تھا اور بہت کوشش کے باوجود اس کا کوئی پتہ نہیں چل رہا تھا۔ مکرم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب اس وقت وکیل اعلیٰ تھے۔ انہوں نے یہ سارا معاملہ حضور کی خدمت میں عرض کیا اور دعا کی درخواست کی۔ جواباً حضور نے فرمایا کہ عبدالعزیز سے کہو راولپنڈی جا کر اس سلسلہ میں کسی سرکاری افسر سے ملیں۔ مجھے یاد ہے کہ میں اُس وقت ایک قریبی دوست کے بیٹے کی شادی کی تیاریوں میں مصروف تھا کہ مکرم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب حضور کا خط لے کر آئے اور ساتھ ہی زبانی پیغام بھی دیا۔ چنانچہ میں فوراً ربوہ سے راولپنڈی جانے والی چناب ایکسپریس کے ذریعہ راولپنڈی پہنچا۔

اس دور میں ابھی اسلام آباد کا قیام نہیں ہوا تھا اور راولپنڈی ہی میں تمام سرکاری دفاتر ہوا کرتے تھے۔ وہ صدر ایوب کا دور حکومت تھا اور مکرم غیاث الدین سیکرٹری داخلہ تھے جو کہ 1953ء کے احمدیہ مخالف مظاہروں کے دوران چیف سیکرٹری پنجاب رہ چکے تھے۔ اندر سے مجھے بہت ڈر تھا کہ نجانے کیا بنے گا لیکن ساتھ ہی یہ یقین تھا کہ خلافت کی دعائیں ہمارے ساتھ ہیں۔ خدا پر توکل کرتے ہوئے میں سیکرٹریٹ میں ان سے ملا اور تمام واقعات عرض کئے۔ انہوں نے اسی وقت میرے سامنے آئی جی لاہور سے فون پر رابطہ کیا اور ان سے کہا کہ ان کے مطلوبہ آدمی کو ڈھونڈیں اور ان کا کام کریں۔ آئی جی لاہور نے ہمیں اگلے دن ملاقات کا وقت دیا۔ چنانچہ اگلے روز ایک وفد کی صورت میں ہم آئی جی صاحب کو ملنے گئے۔ اس وفد میں مکرم و محترم حافظ عبدالسلام صاحب (وکیل المال)، مکرم سید میر داؤد احمد صاحب (پرنسپل جامعہ احمدیہ) اور مکرم چوہدری ناصرالدین صاحب (نمائندہ وکالت زراعت) شامل تھے۔ حضرت مصلح موعود کی دعائیں رنگ لائیں اور آئی جی صاحب نے ہماری گزارش بڑی توجہ سے سنی اور اُس تاجر کو ڈھونڈ نکالنے میں ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ اس کے کچھ ہی عرصہ بعد حضور کی دعاؤں سے وہ تاجر زیر حراست آ گیا اور اس طرح سے جماعت کا غبن شدہ روپیہ وصول ہوا۔

